501 – 600	601 – 700	701 – 800	801 – 900	901 – 1000
_____	_____	_____	_____	_____

1.1.3 Perfect Squares and Triangular Numbers

Do you remember triangular numbers?



ہم 36واں طاق عدد کیسے معلوم کریں؟

پہلا طاق عدد 1 ہے، دوسرا طاق عدد 3 ہے، تیسرا عدد 5 ہے، ... چھٹا طاق عدد 11 ہے اور اسی طرح آگے۔

nواں طاق عدد کیا ہے؟

nواں طاق عدد $2n-1$ ہے۔ اس لیے 36واں طاق عدد 71 ہے۔ 71 کو 1225 میں جوڑنے سے 1296 حاصل ہوتا ہے جو 36^2 ہے۔

اب کوئی ایسا عدد لیجیے جیسے 38 جو مربع عدد نہیں ہے اور 1 سے شروع ہونے والے یکے بعد دیگرے طاق اعداد گھٹاتے جایئے۔

$38 - 1 = 37$ $37 - 3 = 34$ $34 - 5 = 29$ $29 - 7 = 22$ $22 - 9 = 13$

$13 - 11 = 2$ $2 - 13 = -11$

یہ ظاہر کرتا ہے کہ 38 کو 1 سے شروع ہونے والے یکے بعد دیگرے طاق اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر نہیں کیا جاسکتا۔

اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ کوئی طبعی عدد مکمل مربع نہیں ہے اگر اسے 1 سے شروع ہونے والے یکے بعد دیگرے طاق طبعی اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر نہ کیا جاسکے۔ ہم اس نتیجے کو استعمال کرکے معلوم کرسکتے ہیں کہ کوئی طبعی عدد مکمل مربع ہے یا نہیں۔


معلوم کیجیے کہ دو یکے بعد دیگرے مکمل مربعوں کے درمیان کتنے اعداد آتے ہیں۔ کیا آپ کوئی نمونہ دیکھتے ہیں؟

1 سے 100 کے درمیان کتنے مربع اعداد ہیں؟ 101 سے 200 کے درمیان کتنے ہیں؟ پہلے بھری گئی مربعوں کی جدول کو استعمال کرتے ہوئے نیچے قدریں درج کیجیے اور 100 کے ہر حصے میں مربعوں کی تعداد لکھیے۔ 1000 سے چھوٹا سب سے بڑا مربع عدد کون سا ہے؟


1 - 100	101 - 200	201 - 300	301 - 400	401 - 500
_____	_____	_____	_____	_____
501 - 600	601 - 700	701 - 800	801 - 900	901 - 1000
_____	_____	_____	_____	_____

1.1.3 مکمل مربع اور مثلثی اعداد

کیا آپ کو مثلثی اعداد یاد ہیں؟



? Can you see any relation between triangular numbers and square numbers? Extend the pattern shown and draw the next term.



1.1.4 Square Roots

? The area of a square is 49 sq. cm. What is the length of its side?

We know that $7 \times 7 = 49$, or $7^2 = 49$.

So, the length of the side of a square with an area of 49 sq. cm is 7 cm. We call 7 the **square root of** 49.

In general, if $y = x^2$ then x is the **square root** of y.

? What is the square root of 64?

We know that 8×8 is 64. So, 8 is the square root of 64. What about -8×-8 ? That is 64 too!

$$8^2 = 64, \text{ and } (-8)^2 = 64.$$

So, the square roots of 64 are + 8 and –8.

Every perfect square has two integer square roots. One is positive and the other is negative. The square root of a number is denoted by $\sqrt{\ }$

Thus, $\sqrt{64} = \pm 8$ and $\sqrt{100} = \pm 10$.

Note that $\sqrt{8^2} = \pm 8$ and $\sqrt{10^2} = \pm 10$. In general, $\sqrt{n^2} = \pm n$.

In this chapter, we shall only consider the positive square root.


? Given a number, such as 576 or 327, how do we find out if it is a perfect square? If it is a perfect square, how can we find its square root?

We know that perfect squares end in 1, 4, 9, 6, 5, or an even number of zeros. But, it is not certain that a number that satisfies this condition is a square.

We can clearly say that 327 is not a perfect square. However, we cannot be sure that 576 is a perfect square.

APSCERT

کیا آپ مثلثی اعداد (triangular numbers) اور مربع اعداد کے درمیان کوئی تعلق دیکھ سکتے ہیں؟ دکھائے گئے نمونے کو آگے بڑھائیں اور اگلی شکل بنائیں۔



1.1.4 جزر المربع (Square Roots)

ایک مربع کا رقبہ 49 مربع سینٹی میٹر ہے۔ اس کے ضلع کی لمبائی کیا ہے؟

ہم جانتے ہیں کہ $7 \times 7 = 49$ یا $7^2 = 49$

لہٰذا، 49 مربع سینٹی میٹر رقبے والے مربع کے ضلع کی لمبائی 7 سینٹی میٹر ہے۔ ہم 7 کو 49 کا **جزر المربع** کہتے ہیں۔

عام طور پر، اگر $y = x^2$ ہو تو x، عدد y کا جزر المربع ہوتا ہے۔

64 کا جزر المربع کیا ہے؟

ہم جانتے ہیں کہ $8 \times 8 = 64$ ہے۔ لہٰذا، 8 عدد 64 کا جزر المربع ہے۔ -8×-8 کے بارے میں کیا خیال ہے؟

وہ بھی 64 ہی ہوتا ہے! $8^2 = 64$ اور $(-8)^2 = 64$

اس لیے، 64 کے جزر المربع $+8$ اور -8 ہیں۔

ہر کامل مربع کے دو صحیح عددی جزر المربع ہوتے ہیں۔ ایک مثبت ہوتا ہے اور دوسرا منفی۔ کسی عدد کے جزر المربع کو علامت $\sqrt{\ }$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ چونکہ

$\sqrt{64} = \pm 8$، اور $\sqrt{100} = \pm 10$۔

غور کریں $\sqrt{8^2} = \pm 8$ اور $\sqrt{10^2} = \pm 10$۔ عام طور پر، $\sqrt{n^2} = \pm n$۔

اس باب (chapter) میں، ہم صرف مثبت جزر المربع پر ہی غور کریں گے۔

اگر کوئی عدد دیا گیا ہو، جیسے 576 یا 327، تو ہم یہ کیسے معلوم کریں گے کہ آیا وہ ایک کامل مربع ہے یا نہیں؟ اگر وہ ایک کامل مربع ہے، تو ہم اس کا جزر المربع کیسے معلوم کر سکتے ہیں؟

ہم جانتے ہیں کہ کامل مربع اعداد 1، 4، 9، 16، 25، یا صفروں کی جفت تعداد (even number of zeros) پر ختم ہوتے ہیں۔

لیکن، یہ یقینی نہیں ہے کہ جو عدد اس شرط کو پورا کرے وہ لازمی طور پر مربع ہی ہو۔

ہم واضح طور پر کہہ سکتے ہیں کہ 327 ایک کامل مربع نہیں ہے۔ تاہم، ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ 576 ایک کامل مربع ہے یا نہیں۔

1. We can list all the square numbers in sequence and find out whether 576 occurs among them. We know that $20^2 = 400$, we can find squares of 21, 22, 23, ... and so on until we get 576 or a number greater than 576.

$20^2 = 400$ $21^2 = 441$ $22^2 = 484$ $23^2 = 529$ $24^2 = 576$

However, this process becomes inefficient for larger numbers.

2. Recall that every square can be expressed as a sum of consecutive odd numbers starting from 1.

Consider $\sqrt{81}$.

$81 - 1 = 80$ $80 - 3 = 77$ $77 - 5 = 72$ $72 - 7 = 65$ $65 - 9 = 56$

$56 - 11 = 45$ $45 - 13 = 32$ $32 - 15 = 17$ $17 - 17 = 0$

From 81, we successively subtracted consecutive odd numbers starting from 1 until we obtained 0 at the 9th step. Therefore $\sqrt{81} = 9$.

Can we find the square root of 729 using this method? Yes, but it will be time - consuming

3. We know that a perfect square is obtained by multiplying an integer by itself. Will looking at a number's prime factorisation help in determining whether it is a perfect square?

Yes, if we can divide the prime factors of a number into two equal groups, then the product of the prime factors in either group combine to form the square root.

? Is 324 a perfect square?

$$324 = 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3 \times 3.$$

These can be grouped as

$$324 = (2 \times 3 \times 3) \times (2 \times 3 \times 3).$$
$$= (2 \times 3 \times 3)^2 = 18^2.$$

We can also write the prime factors in pairs. That is,

$$324 = (2 \times 2) \times (3 \times 3) \times (3 \times 3),$$

which shows that 324 is a perfect square. Thus,

$$324 = (2 \times 3 \times 3)^2 = 18^2.$$

Therefore, $\sqrt{324} = 18$.

? Is 156 a perfect square?

The prime factorisation of 156 is $2 \times 2 \times 3 \times 13$.

APSCERT

1. ہم ترتیب وار تمام مربع (square) اعداد کی فہرست بناسکتے ہیں اور معلوم کرسکتے ہیں کہ آیا ان میں 576 آتا ہے یا نہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ $20^2 = 400$ ہے، چنانچہ ہم 21، 22، 23 وغیرہ کے مربع معلوم کرسکتے ہیں جب تک کہ ہمیں 576 یا اس سے بڑا عدد حاصل نہ ہو جائے۔

$$20^2 = 400 \quad 21^2 = 441 \quad 22^2 = 484 \quad 23^2 = 529 \quad 24^2 = 576$$

تاہم، بڑے اعداد کے لیے یہ طریقہ غیر مؤثر ہو جاتا ہے۔

2. یاد رکھیں کہ ہر مربع عدد کو 1 سے شروع ہونے والے مسلسل طاق اعداد (consecutive odd numbers) کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیا جاسکتا ہے۔ $\sqrt{81}$ پر غور کریں۔

81 - 1 = 80	80 - 3 = 77	77 - 5 = 72	72 - 7 = 65	65 - 9 = 56
56 - 11 = 45	45 - 13 = 32	32 - 15 = 17	17 - 17 = 0	

ہم نے 81 میں سے 1 سے شروع ہونے والے مسلسل طاق اعداد کو ایک کے بعد دیگر اس وقت تک گھٹایا جب تک کہ 9 ویں مرحلے پر ہمیں 0 حاصل نہیں ہو گیا۔ اس لیے $\sqrt{81} = 9$ ہے۔

کیا ہم اس طریقے سے 729 کا جزر المربع (square root) معلوم کرسکتے ہیں؟ جی ہاں، لیکن اس میں بہت زیادہ وقت درکار ہے۔

3. ہم جانتے ہیں کہ ایک کامل مربع (perfect square) کسی صحیح عدد (integer) کو خود اسی سے ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ کیا کسی عدد کے مفرد اجزائے ضربی (prime factors) کو دیکھنے سے یہ معلوم کرنے میں مدد ملے گی کہ آیا وہ ایک کامل مربع ہے؟

جی ہاں، اگر ہم کسی عدد کے مفرد اجزائے ضربی کو دو برابر گروپوں میں تقسیم کرسکیں، تو دونوں میں سے کسی بھی گروپ کے مفرد اجزائے ضربی کا حاصل ضرب مل کر جزر المربع بناتا ہے۔

کیا 324 ایک کامل مربع ہے؟

$$324 = 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3 \times 3$$

انہیں اس طرح گروپوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے،

$$324 = (2 \times 3 \times 3) \times (2 \times 3 \times 3)$$
$$= (2 \times 3 \times 3)^2 = 18^2$$

ہم مفرد اجزائے ضربی کو جوڑیوں (pairs) کی شکل میں بھی لکھ سکتے ہیں، یعنی،

$$324 = (2 \times 2) \times (3 \times 3) \times (3 \times 3)$$

جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ 324 ایک کامل مربع ہے۔ چنانچہ،

$$324 = (2 \times 3 \times 3)^2 = 18^2$$

اس لیے، $\sqrt{324} = 18$ ہے۔

کیا 156 ایک کامل مربع ہے؟

156 کے مفرد اجزائے ضربی (prime factorisation) یہ ہیں: $2 \times 2 \times 3 \times 13$۔

APSCERT

We cannot pair up these factors.

Therefore, 156 is not a perfect square.

1.1.5 Estimating :

? Find whether 1156 and 2800 are perfect squares using prime factorisation.

We can estimate the square root of larger perfect squares by looking at the closest perfect squares we are familiar with and then narrowing down the interval to search.

For example, to find $\sqrt{1936}$, we can reason as follows:

(i) 1936 is between 1600 (40^2) and 2500 (50^2), so $40 < \sqrt{1936} < 50$.

(ii) The last digit of 1936 is 6. So, the last digit of the square root must either be 4 or 6. It can be 44 or 46.

(iii) If we calculate 45^2, we can compare it with 1936 to halve the interval to search from 40-50 to either 40-45 or 45-50. We can write 45^2 as $(40 + 5)\ (40 + 5) = 40^2 + 2 \times 40 \times 5 + 5^2 = 1600 + 400 + 25 = 2025$.

(iv) $2025 > 1936$. So, $40 < \sqrt{1936} < 45$

(v) From the observation in point (ii) we can guess and then verify that $\sqrt{1936}$ is 44.

Consider the following situations -

Mayur and Rushitha play a game. One says a number and the other replies with its square root. Mayur starts. He says 25, and Rushitha quickly responds with 5. Then Rushitha says 81, and Mayur answers 9. The game goes on till Mayur says 250. Rushitha is not able to answer because 250 is not a perfect square. Mayur asks Rushitha if she can at least provide a number that is close to the square root of 250.

For this, Rushitha needs to estimate the square root of 250.

We know that $100 < 250 < 400$ and $\sqrt{100} = 10$ and $\sqrt{400} = 20$.

So, $10 < \sqrt{250} < 20$.

But, we are still not very close to the number whose square is 250.

We know that $15^2 = 225$ and $16^2 = 256$.

Therefore, $15 < \sqrt{250} < 16$. Since 256 is much closer to 250 than 225, $\sqrt{250}$ is approximately 16. We also know it is less than 16.

Here is another problem that requires estimating square roots.

ہم ان اجزائے ضربی کی جوڑیاں نہیں بنا سکتے۔

اس لیے، 156 ایک کامل مربع نہیں ہے۔

1.1.5 تخمینہ لگانا:

مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے معلوم کریں کہ آیا 1156 اور 2800 کامل مربع ہیں یا نہیں۔ ہم بڑے کامل مربعوں کے جزر المربع کا تخمینہ ان قریبی کامل مربعوں کو دیکھ کر لگا سکتے ہیں جن سے ہم واقف ہیں، اور پھر تلاش کے لیے درمیانی وقفے کو محدود کر سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر، $\sqrt{1396}$ معلوم کرنے کے لیے، ہم درج ذیل طریقے سے غور کر سکتے ہیں:

i. 1936 عدد 1600 (40^2) اور 2500 (25^2) کے درمیان ہے، اس لیے $40 < \sqrt{1936} < 50$۔

ii. 1936 کا آخری ہندسہ (اکائی کا ہندسہ) 6 ہے۔ اس لیے جزر المربع کا آخری ہندسہ یا تو 4 ہونا چاہیے یا 6۔ یہ 44 یا 46 ہو سکتا ہے۔

iii. اگر ہم 45^2 کا حساب لگائیں، تو ہم اس کا موازنہ 1936 سے کر کے تلاش کے وقفہ کو آدھا کر سکتے ہیں، یعنی $40 - 50$ سے کم کر کے ے یا تو $40 - 45$ یا $45 - 50$ کر سکتے ہیں۔

ہم 45^2 کو اس طرح لکھ سکتے ہیں:

$$(40 + 5)(40 + 5) = 40^2 + 2 \times 40 \times 5 + 5^2 = 1600 + 400 + 25 = 2025$$

iv. چونکہ $1936 < 2025$ ہے، اس لیے $40 < \sqrt{1936} < 45$ ہو گا۔

v. نقطہ (ii) کے مشاہدے سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں اور پھر تصدیق کر سکتے ہیں کہ $\sqrt{1936}$ دراصل 44 ہے۔

درج ذیل صورتحال پر غور کریں:

میور (Mayur) اور روشی تا (Rushitha) ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ ایک شخص کوئی عدد بولتا ہے اور دوسرا اس کا جزر المربع بتاتا ہے۔ میور شروعات کرتا ہے۔ وہ 25 کہتا ہے، اور روشی تا فوراً 5 جواب دیتی ہے۔ پھر روشی تا 81 کہتی ہے، اور میور 9 جواب دیتا ہے۔ یہ کھیل اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک میور 250 نہیں کہہ دیتا۔ روشی تا اس کا جواب دینے کے قابل نہیں ہوتی کیونکہ 250 ایک کامل مربع نہیں ہے۔ میور روشی تا سے پوچھتا ہے کہ کیا وہ کم از کم کوئی ایسا عدد بتا سکتی ہے جو 250 کے جزر المربع کے قریب ترین ہو۔

اس کے لیے، روشی تا کو 250 کے جزر المربع کا تخمینہ لگانے کی ضرورت ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ $100 < 250 < 400$ ہے، اور $\sqrt{100} = 10$ اور $\sqrt{400} = 20$ ہے۔

اس لیے، $10 < \sqrt{250} < 20$ ہو گا۔

لیکن، ہم ابھی تک اس عدد کے بہت قریب نہیں پہنچے جس کا مربع 250 ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ $15^2 = 225$ اور $16^2 = 256$۔

اس لیے، $15 < \sqrt{250} < 16$ ہو گا۔ چونکہ 256 ، 225 کے مقابلے میں 250 کے بہت زیادہ قریب ہے، اس لیے $\sqrt{250}$ تقریباً 16 ہے۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ 16 سے کم ہے۔

یہاں ایک اور مسئلہ دیا گیا ہے جس میں جزر المربع کا تخمینہ لگانے کی ضرورت ہے۔

Akhil has a square piece of cloth of area 125 cm^2. He wants to know if he can cut out a square handkerchief of side 15 cm. If not, he wants to know the maximum size handkerchief that can be cut out from this piece of cloth with an integer side length.

125 is not a perfect square. The nearest perfect squares are $11^2 = 121$ and $12^2 = 144$. So the largest square handkerchief with integer side length that can be cut out from this piece of cloth has side length 11 cm.



Figure it Out - 1.1

1. Which of the following numbers are not perfect squares?
   (i) 2032 (ii) 2048 (iii) 1027 (iv) 1089
2. Which one among 64^2, 108^2, 292^2, 36^2 has last digit 4?
3. Given $125^2 = 15625$, what is the value of 126^2?
   (i) 15625 + 126 (ii) 15625 + 26^2 (iii) 15625 + 253
   (iv) 15625 + 251 (v) 15625 + 51^2
4. Find the length of the side of a square whose area is 441 m^2.
5. Find the smallest square number that is divisible by each of the following numbers:
   4, 9, and 10.
6. Find the smallest number by which 9408 must be multiplied so that the product is a perfect square. Find the square root of the product.
7. How many numbers lie between the squares of the following numbers?
   (i) 16 and 17 (ii) 99 and 100
8. In the following pattern, fill in the missing numbers:
   $1^2 + 2^2 + 2^2 = 3^2$
   $2^2 + 3^2 + 6^2 = 7^2$
   $3^2 + 4^2 + 12^2 = 13^2$
   $4^2 + 5^2 + 20^2 = (\_\_\_\_\_)^2$
   $9^2 + 10^2 + (\_\_\_\_\_)^2 = (\quad)^2$
9. How many tiny squares are there in the following picture? Write the prime factorisation of the number of tiny squares.

اکھیل (Akhil) کے پاس کپڑے کا ایک مربع شکل کا ٹکڑا ہے جس کا رقبہ 125 مربع سینٹی میٹر ہے۔ وہ یہ جاننا چاہتا ہے کہ کیا وہ اس میں سے 15 سینٹی میٹر سائیڈ (ضلع) والا مربعی رومال کاٹ سکتا ہے۔ اگر نہیں، تو وہ یہ جاننا چاہتا ہے کہ کپڑے کے اس ٹکڑے سے صحیح عدد (integer) کی لمبائی والی سائیڈ (ضلع) کا زیادہ سے زیادہ کس پیمائش کا رومال کاٹا جا سکتا ہے۔

125 ایک کامل مربع (perfect square) نہیں ہے۔ اس کے قریب ترین کامل مربعے $11^2 = 121$ اور $12^2 = 144$ ہیں۔ لہٰذا کپڑے کے اس ٹکڑے سے صحیح عدد (integers) کی لمبائی والی سائیڈ (ضلع) کا جو سب سے بڑا مربع رومال کاٹا جا سکتا ہے، اس کی سائیڈ کی لمبائی 11 سینٹی میٹر ہوگی۔



حل کیجیے–1.1

1. درج ذیل میں سے کون سے اعداد کامل مربع نہیں ہیں؟

(i) 2032 (ii) 2048 (iii) 1027 (iv) 1089

2. 64^2، 108^2، 292^2 اور 36^2 میں سے کس عدد کا آخری ہندسہ 4 ہے؟

3. دیا گیا ہے کہ $125^2 = 15625$ ہے، تو 126^2 کی قیمت کیا ہوگی؟

(i) $15625 + 126$ (ii) $15625 + 26^2$ (iii) $15625 + 25$

(iv) $15625 + 251$ (v) $15625 + 51^2$

4. ایک ایسے مربع کے ضلع (side) کی لمبائی معلوم کیجیے جس کا رقبہ 441 مربع میٹر ہے۔

5. وہ اقل ترین مربع عدد معلوم کیجیے جو درج ذیل میں سے ہر ایک عدد سے مکمل تقسیم ہو جائے:

4، 9 اور 10۔

6. وہ اقل ترین عدد معلوم کیجیے جس سے 9408 کو ضرب دیا جائے تاکہ حاصل ضرب ایک کامل مربع بن جائے۔ حاصل ضرب کا جزر المربع (square root) بھی معلوم کیجیے۔

7. درج ذیل اعداد کے مربعوں (squares) کے درمیان کتنے اعداد آتے ہیں؟

(i) 16 اور 17 (ii) 99 اور 100

8. درج ذیل نمونوں (pattern) میں خالی جگہوں پر درست اعداد لکھیے:

$1^2 + 2^2 + 2^2 = 3^2$

$2^2 + 3^2 + 6^2 = 7^2$


$3^2 + 4^2 + 12^2 = 13^2$

$4^2 + 5^2 + 20^2 = (\_\_\_\_\_)^2$

$9^2 + 10^2 + (\_\_\_\_\_)^2 = (\_\_\_\_\_)^2$


9. نیچے دی گئی تصویر میں کتنے چھوٹے مربع ہیں؟ ان چھوٹے مربعوں کی تعداد کے مفرد اجزائے ضربی لکھیے۔

AP SCERT



1.2 Cubic Numbers

You know the word cube from geometry. A cube is a solid figure all of whose all sides meet at right angles and are equal. How many cubes of side 1 cm make a cube of side 2 cm?




? How many cubes of side 1 cm will make a cube of side 3 cm?

Consider the numbers 1, 8, 27, ...

These numbers are called perfect cubes. Can you see why they are named so?

Each of them is obtained by multiplying a number by itself three times. We note that



$1 = 1 \times 1 \times 1$


$8 = 2 \times 2 \times 2$

$27 = 3 \times 3 \times 3$

? Is 9 a cube?

We see that $2 \times 2 \times 2 = 8$ and $3 \times 3 \times 3 = 27$. This shows that 9 is not a perfect cube and no other number from 10 to 26.

? Can you estimate the number of unit cubes in a cube with an edge length of 4 units?




It has 64 unit cubes! If you notice carefully, each layer of this cube has 4×4 unit cubes. Each square layer has 16 unit cubes (4×4), and there are 4 such layers, so the total number of unit cubes is $4 \times 4 \times 4 = 64$.


Since $5^3 = 5 \times 5 \times 5 = 125$, 125 is a cube.

In general, for any number n, we write the cube $n \times n \times n$ as n^3.

© NCERT



1.2 مکعب اعداد




آپ جیومیٹری سے لفظ "مکعب" کے بارے میں جانتے ہیں۔ مکعب ایک ٹھوس شکل ہوتی ہے جس کے تمام اضلاع ایک دوسرے سے قائم زاویہ پر ملتے ہیں اور آپس میں برابر ہوتے ہیں۔

1 سینٹی میٹر ضلع والے کتنے مکعب مل کر 2 سینٹی میٹر ضلع والا ایک مکعب بنائیں گے؟

1 سینٹی میٹر ضلع والے کتنے مکعب مل کر 3 سینٹی میٹر ضلع والا ایک مکعب بنائیں گے؟

اعداد 1، 8، 27، ... پر غور کریں۔ ان اعداد کو **کامل مکعب** کہا جاتا ہے۔ کیا آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ان کا یہ نام کیوں رکھا گیا ہے؟ ان میں سے ہر ایک عدد کسی عدد کو خود اسی سے تین بار ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ:




$$1 = 1 \times 1 \times 1$$
$$8 = 2 \times 2 \times 2$$
$$27 = 3 \times 3 \times 3$$

کیا 9 ایک مکعب عدد ہے؟

ہم دیکھتے ہیں کہ $8 = 2 \times 2 \times 2$ اور $27 = 3 \times 3 \times 3$ ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ 9 ایک کامل مکعب نہیں ہے اور نہ ہی 10 سے 26 تک کا کوئی دوسرا عدد کامل مکعب ہے۔

کیا آپ 4 اکائی لمبائی کے کنارے والے مکعب میں اکائی مکعبوں کی تعداد کا اندازہ لگا سکتے ہیں؟



اس میں 64 اکائی مکعب ہوتے ہیں! اگر آپ غور سے دیکھیں تو اس مکعب کی ہر تہہ میں 4×4 اکائی مکعب موجود ہیں۔ ہر مربع شکل کی تہہ میں 16 اکائی مکعب (4×4) ہیں، اور ایسی 4 تہیں ہیں، اس لیے اکائی مکعبوں کی کل تعداد درج ذیل ہو گی:

$$4 \times 4 \times 4 = 64$$

چونکہ $5^3 = 5 \times 5 \times 5 = 125$ ہے۔

ہم اس کے مکعب $n \times n \times n$ کو n^3 کی شکل میں لکھتے ہیں

APSCERT

Complete the table below.

$1^3 = 1$	$11^3 = 1331$
$2^3 = 8$	$12^3 =$
$3^3 = 27$	$13^3 = 2197$
$4^3 = 64$	$14^3 = 2744$
$5^3 = 125$	$15^3 =$
$6^3 =$	$16^3 =$
$7^3 =$	$17^3 = 4913$
$8^3 =$	$18^3 =$
$9^3 =$	$19^3 = 6859$
$10^3 =$	$20^3 =$

What patterns do you notice in the table above?

We know that 0, 1, 4, 5, 6, 9 are the only last digits possible for squares. What are the possible last digits of cubes?

Similar to squares, can you find the number of cubes with 1 digit, 2 digits, and 3 digits? What do you observe?

Can a cube end with exactly two zeroes (00)? Explain.


Just as we can take squares of fractions/decimals : $\left(\frac{4}{6}\right)^2$, $(13.08)^2$, and $(-6)^2$ we also can compute cubes of such numbers : $\left(\frac{4}{6}\right)^3$, $(13.08)^3$, and $(-6)^3$.

$$\left(\frac{4}{6}\right)^3 = \left(\frac{4}{6}\right) \times \left(\frac{4}{6}\right) \times \left(\frac{4}{6}\right) = \left(\frac{64}{216}\right)$$

$(13.08)^3 = 13.08 \times 13.08 \times 13.08 = 2237.810112$

$(-6)^3 = -6 \times -6 \times -6 = -216.$

1.2.1 Taxicab Numbers



Once when Srinivasa Ramanujan was working with G. H. Hardy at the University of Cambridge, Hardy had come to visit Ramanujan at a hospital when he was ill. Hardy had ridden in a taxicab numbered 1729 and he remarked that 1729 was 'rather a dull number,' adding that he hoped that this was not a bad sign. Ramanujan immediately replied, "No, Hardy, it is a very interesting

❓ نیچے دی گئی جدول کو مکمل کریں۔

$1^3 = 1$	$11^3 = 1331$
$2^3 = 8$	$12^3 =$
$3^3 = 27$	$13^3 = 2197$
$4^3 = 64$	$14^3 = 2744$
$5^3 = 125$	$15^3 =$
$6^3 =$	$16^3 =$
$7^3 =$	$17^3 = 4913$
$8^3 =$	$18^3 =$
$9^3 =$	$19^3 = 6859$
$10^3 =$	$20^3 =$

❓ اوپر دی گئی جدول میں آپ کو کیا پیٹرن (طریقہ کار) نظر آتے ہیں؟

❓ ہم جانتے ہیں کہ مربعوں کے ممکنہ آخری ہندسے صرف 0، 1، 4، 5، 6، 9 ہی ہوسکتے ہیں۔ مکعب اعداد کے ممکنہ آخری ہندسے کون سے ہوسکتے ہیں؟

❓ مربعوں کی طرح، کیا آپ 1 ہندسی، 2 ہندسی اور 3 ہندسی والے مکعب اعداد کی تعداد معلوم کرسکتے ہیں؟ آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟ کیا کوئی مکعب عدد ٹھیک دو صفروں (00) پر ختم ہوسکتا ہے؟ وضاحت کریں۔

❓ جس طرح ہم کسر یا اعشاریہ والے اعداد کے مربعے معلوم کرسکتے ہیں، جیسا کہ:

$\left(\frac{4}{6}\right)^2$، $(13.08)^2$ اور $(-6)^2$ اسی طرح ہم ایسے اعداد کے مکعب بھی معلوم کرسکتے ہیں: $\left(\frac{4}{6}\right)^3$، $(13.08)^3$ اور $(-6)^3$۔


$$\left(\frac{4}{6}\right)^3 = \left(\frac{4}{6}\right) \times \left(\frac{4}{6}\right) \times \left(\frac{4}{6}\right) = \left(\frac{64}{216}\right)$$

$$(13.08)^3 = 13.08 \times 13.08 \times 13.08 = 2237.810112$$

$$(-6)^3 = -6 \times -6 \times -6 = -216$$

1.2.1 ٹیکسی کیب نمبر

ایک مرتبہ جب سرینیواسا رامانوجن کیمبرج یونیورسٹی میں جی۔ ایچ۔ ہارڈی کے ساتھ کام کر رہے تھے، تو ہارڈی ہسپتال میں رامانوجن کی عیادت کے لیے آئے کیونکہ وہ بیمار تھے۔ ہارڈی ایک ٹیکسی میں سوار ہو کر آئے تھے جس کا نمبر 1729 تھا اور انہوں نے تبصرہ کیا کہ 1729 'بے رونق عدد ہے'، اور ساتھ ہی یہ امید بھی ظاہر کی کہ یہ کوئی برا شگون نہ ہو۔ رامانوجن نے فوراً جواب دیا، "نہیں ہارڈی، یہ ایک بہت ہی دلچسپ



number. It is the smallest number that can be expressed as the sum of two cubes in two different ways".

$$1729 = 1^3 + 12^3$$
$$= 9^3 + 10^3.$$

Because of this story, 1729 has since been known as the **Hardy-Ramanujan** Number. And numbers that can be expressed as the sum of two cubes in two different ways are called **taxicab numbers**.

? The next two taxicab numbers after 1729 are 4104 and 13832. Find the two ways in which each of these can be expressed as the sum of two positive cubes.

How did Ramanujan know this? Well, he loved numbers. All through his life, he tinkered with numbers. During Ramanujan's time in Cambridge, his colleagues often marveled at his ability to see deep patterns in numbers that seemed arbitrary to others. His colleague, John Littlewood, once said, "Every positive integer was one of his [Ramanujan's] personal friends".

1.2.2 Perfect Cubes and Consecutive Odd Numbers

Consecutive odd numbers have a role to play with cubes too. Look at the following pattern:

$$1 = 1 = 1^3$$
$$3 + 5 = 8 = 2^3$$
$$7 + 9 + 11 = 27 = 3^3$$
$$13 + 15 + 17 + 19 = 64 = 4^3$$
$$21 + 23 + 25 + 27 + 29 = 125 = 5^3$$
$$31 + 33 + 35 + 37 + 39 + 41 = 216 = 6^3.$$

Later in this series, we get the following set of consecutive numbers:

$$91 + 93 + 95 + 97 + 99 + 101 + 103 + 105 + 107 + 109.$$

? Can you tell what this sum is without doing the calculation?

1.2.3 Cube Roots

We know that $8 = 2^3$.

We call 2 the cube root of 8 and denote this by $2 = \sqrt[3]{8}$.

More generally, if $y = x^3$, then x is the cube root of y. This is denoted by

عدد ہے۔ یہ وہ سب سے چھوٹا عدد ہے جسے دو الگ الگ طریقوں سے دو مکعب اعداد (cubes) کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیا جاسکتا ہے"۔

$$1729 = 1^3 + 12^3$$
$$= 9^3 + 10^3$$

اس واقعے کی وجہ سے، 1729 کو اس وقت سے **ہارڈی - رامانوجن نمبر** (Hardy–Ramanujan Number) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اور ایسے اعداد جنہیں دو الگ الگ طریقوں سے دو مکعب اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیا جاسکتا ہے، انہیں **ٹیکسی کیب نمبر** کہا جاتا ہے۔

1729 کے بعد اگلے دو ٹیکسی کیب نمبرز 4104 اور 13832 ہیں۔ وہ دو طریقے معلوم کیجیے جن سے ان میں سے ہر ایک کو دو مثبت مکعب اعداد کے مجموعے کے طور پر ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

رامانوجن یہ کیسے جانتے تھے؟ دراصل، انہیں اعداد سے محبت تھی۔ اپنی پوری زندگی میں، وہ اعداد کے ساتھ کھیلتے (غور و فکر کرتے) رہتے۔ کیمبرج میں رامانوجن کے قیام کے دوران، ان کے ساتھی اکثر اعداد میں گہرے پیٹرن (طریقہ کار) دیکھنے کی ان کی صلاحیت پر حیران ہوتے تھے جو دوسروں کو بالکل عام یا بے ترتیب معلوم ہوتے تھے۔ ان کے ایک ساتھی، جان لٹل وڈ نے ایک بار کہا تھا، "ہر مثبت صحیح عدد رامانوجن کے ذاتی دوستوں میں سے ایک تھا"۔

1.2.2 کامل مکعب اور مسلسل طاق اعداد

مسلسل طاق اعداد کا مکعب اعداد کے ساتھ بھی ایک خاص کردار ہے۔ درج ذیل پیٹرن (طریقہ کار) کو دیکھیے:

$$1 = 1 = 1^3$$
$$3 + 5 = 8 = 2^3$$
$$7 + 9 + 11 = 27 = 3^3$$
$$13 + 15 + 17 + 19 = 64 = 4^3$$
$$21 + 23 + 25 + 27 + 29 = 125 = 5^3$$
$$31 + 33 + 35 + 37 + 39 + 41 = 216 = 6^3.$$

بعد میں اس سلسلے میں، ہمیں مسلسل طاق اعداد کا درج ذیل سیٹ حاصل ہوتا ہے:

$$91 + 93 + 95 + 97 + 99 + 101 + 103 + 105 + 107 + 109$$

کیا آپ بغیر حساب (جمع) کیے بتاسکتے ہیں کہ یہ مجموعہ کتنا ہوگا؟

1.2.3 جزر المکعب

ہم جانتے ہیں کہ $8 = 2^3$ ہے۔ ہم 2 کو 8 کا **جزر المکعب** کہتے ہیں اور اسے $\sqrt[3]{8} = 2$ سے ظاہر کرتے ہیں۔

عمومی طور پر، اگر $x^3 = y$ ہو، تو x کو y کا جزر المکعب کہا جاتا ہے۔ اسے اس طرح ظاہر کیا جاتا ہے

$x = \sqrt[3]{y}$. So, $\sqrt[3]{8} = \sqrt[3]{2^3} = 2$.

Similarly, $\sqrt[3]{27} = \sqrt[3]{3^3} = 3$ and $\sqrt[3]{1000} = \sqrt[3]{10^3} = 3$. In general, $\sqrt[3]{n^3} = n$.

How do we find out if a number is a cube? Taking inspiration from the case of squares, let us see if we can use prime factorisations.

? Let us check if 3375 is a perfect cube.

$$3375 = 3 \times 3 \times 3 \times 5 \times 5 \times 5.$$

Can the factors be split into three identical groups? For 3375, we can form three groups of (3×5). So,

$$3375 = (3 \times 5) \times (3 \times 5) \times (3 \times 5)$$
$$= (3 \times 5)^3 = 15^3.$$

Another way is to check if the factors can be grouped into triplet(s):

$3375 = (3 \times 3 \times 3) \times (5 \times 5 \times 5) = 3^3 \times 5^3$.

This means $\sqrt[3]{3375} = 15$.

? Is 500 a perfect cube?

$500 = 2 \times 2 \times 5 \times 5 \times 5$. We see that the factors cannot be split into three identical groups. Therefore, 500 is not a perfect cube.

Prime Factorisation of a Number	Prime Factorisation of its Cube
$4 = 2 \times 2$	$4^3 = 64 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 = 2^3 \times 2^3$
$6 = 2 \times 3$	$6^3 = 216 = 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3 = 2^3 \times 3^3$
$15 = 3 \times 5$	$15^3 = 3375 = 3 \times 3 \times 3 \times 5 \times 5 \times 5 = 3^3 \times 5^3$
$12 = 2 \times 2 \times 3$	$12^3 = 1728 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3 = 2^3 \times 2^3 \times 3^3$

Observe that each prime factor of a number appears three times in the prime factorisation of its cube.

? Find the cube roots of these numbers:

(i) $\sqrt[3]{64}$ = (ii) $\sqrt[3]{512}$ = (iii) $\sqrt[3]{729}$ =

1.2.4 Successive Differences

We know that the differences between consecutive perfect squares gives the sequence of odd numbers. Observe the figure below where the differences

$x = \sqrt[3]{y}$ اس لیے، $2 = \sqrt[3]{2^3} = \sqrt[3]{8}$۔

اسی طرح، $3 = \sqrt[3]{3^3} = \sqrt[3]{27}$ اور $10 = \sqrt[3]{10^3} = \sqrt[3]{1000}$۔ عام طور پر $n = \sqrt[3]{n^3}$۔

ہم کیسے معلوم کریں کہ کوئی عدد مکعب ہے یا نہیں؟ مربع کی مثال سے ترغیب لیتے ہوئے، آیئے دیکھتے ہیں کہ کیا ہم مفرد اجزائے ضربی کا استعمال کر سکتے ہیں۔

آیئے جانچ کریں کہ کیا 3375 ایک کامل مکعب ہے۔ $3375 = 3 \times 3 \times 3 \times 5 \times 5 \times 5$

کیا ان اجزائے ضربی کو تین یکساں گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟ 3375 کے لیے، ہم (3×5) کے تین گروہ بنا سکتے ہیں۔ لہٰذا،

$$3375 = (3 \times 5) \times (3 \times 5) \times (3 \times 5)$$
$$= (3 \times 5)^3 = 15^3$$

دوسرا طریقہ یہ جانچ کرنا ہے کہ آیا اجزائے ضربی کو تین تین کے گروہ (triplet) میں تقسیم کیا جا سکتا ہے یا نہیں:

$$3375 = (3 \times 3 \times 3) \times (5 \times 5 \times 5) = 3^3 \times 5^3$$

اس کا مطلب ہے کہ $\sqrt[3]{3375} = 15$۔

کیا 500 ایک کامل مکعب ہے؟

$500 = 2 \times 2 \times 5 \times 5 \times 5$۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اجزائے ضربی کو تین یکساں گروہوں میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔

اس لیے، 500 ایک کامل مکعب نہیں ہے۔

کسی عدد کی مفرد اجزائے ضربی	اس کے مکعب کی مفرد اجزائے ضربی
$4 = 2 \times 2$	$4^3 = 64 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 = 2^3 \times 2^3$
$6 = 2 \times 3$	$6^3 = 216 = 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3 = 2^3 \times 3^3$
$15 = 3 \times 5$	$15^3 = 3375 = 3 \times 3 \times 3 \times 5 \times 5 \times 5 = 3^3 \times 5^3$
$12 = 2 \times 2 \times 3$	$12^3 = 1728 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 3 \times 3 \times 3$ $= 2^3 \times 2^3 \times 3^3$

غور کریں کہ کسی عدد کا ہر مفرد جزوِ ضربی اس کے مکعب کی مفرد اجزائے ضربی میں تین مرتبہ ظاہر ہوتا ہے۔

ان اعداد کے جزر المکعب معلوم کریں:


(i) $\sqrt[3]{64}$ (ii) $\sqrt[3]{512}$ (iii) $\sqrt[3]{729}$

1.2.4 متواتر فرق

ہم جانتے ہیں کہ مسلسل کامل مربّعوں کے درمیان فرق طاق اعداد کا تسلسل دیتا ہے۔ نیچے دی گئی شکل پر غور کریں

are computed successively for perfect squares. After two levels, all the differences are the same.

Perfect Squares



? Compute successive differences over levels for perfect cubes until all the differences at a level are the same. What do you notice?

Perfect Cubes



1.3 A Pinch of History

The first known list of perfect squares and perfect cubes was compiled by the Babylonians as far back as 1700 BCE. These lists, found on clay tablets, were used to quickly find square roots and cube roots in problems involving land measurement, architectural design, and other areas where geometric calculations were necessary.



In ancient Sanskrit works the term varga was used both for the square figure or its area, as well as the square power, and the term ghana was used both for the solid cube as well as the product of a number with itself three times. The fourth power was called varga-varga . These terms were used in India at least from the third century BCE.

Aryabhata (499 CE) states

"A square figure of four equal sides and the number representing its area are called varga. The product of two equal quantities is also called varga."


Thus, the term varga for square power has its origin in the graphical representation of a square figure.

Why is the word 'root' (the root of a plant) used for the mathematical operation $\sqrt{\ }$ (square root, cube root, etc.)?

It is because, in ancient India, the Sanskrit word mula, meaning root of a plant, basis, cause, origin, etc., was used for the mathematical operations of taking roots.

© NCERT

جہاں کامل مربعے کے لیے فرق یکے بعد دیگرے نکالے جارہے ہیں۔ دو سطحوں کے بعد، تمام فرق ایک جیسے ہو جاتے ہیں۔




کامل مکعب کے لیے مختلف درجات پر یکے بعد دیگرے فرق اس وقت تک معلوم کریں جب تک کہ کسی ایک درجے پر تمام فرق یکساں نہ ہو جائیں۔ آپ کیا غور کرتے ہیں؟



1.3 تاریخ کی ایک جھلک

کامل مربعوں اور کامل مکعبوں کی سب سے پہلی معلوم فہرست بابلیوں (Babylonians) نے 1700 قبل مسیح (BCE) جتنے قدیم دور میں تیار کی تھی۔ مٹی کی تختیوں پر پائی جانے والی یہ فہرستیں زمین کی پیائش، تعمیری ڈیزائن اور دیگر ایسے شعبوں جہاں ہندسی حساب کتاب ضروری تھا، جزر المربع اور جزر المکعب تیزی سے معلوم کرنے کے لیے استعمال ہوتی تھیں۔



قدیم سنسکرت تصانیف میں لفظ 'ور گا (varga) 'مربع کی شکل یا اس کے رقبے اور ساتھ ہی مربع کی طاقت (square power) دونوں کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ اور لفظ 'گھنا (ghana) 'ٹھوس مکعب (solid cube) اور ساتھ ہی کسی عدد کو اپنے آپ سے تین مرتبہ ضرب دینے سے حاصل ہونے والے حاصل ضرب دونوں کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ قوت نما چار کو 'ور گا-ور گا (varga-varga) 'کہا جاتا تھا۔ یہ اصطلاحات ہندوستان میں کم از کم تیسری صدی قبل مسیح (BCE) سے استعمال ہو رہی تھیں۔

آریہ بھٹ (499 عیسوی) بیان کرتے ہیں:

"چار مساوی اضلاع والی مربعی شکل اور اس کے رقبے کو ظاہر کرنے والے عدد کو 'ور گا' کہا جاتا ہے۔ دو مساوی مقداروں کے حاصل ضرب کو بھی 'ور گا' کہا جاتا ہے۔" اس طرح، قوت نما دو کے لیے لفظ 'ور گا' کا آغاز مربعی شکل کی نقشی خاکہ یا تصویری پیش کش سے ہوا ہے۔

ریاضی کے عمل $\sqrt{}$ (جذر المربع، مکعب جذر وغیرہ) کے لیے 'جذر' (پودے کی جڑ) کا کیوں استعمال ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ قدیم ہندوستان میں سنسکرت کا لفظ مول، جس کے معنی پودے کی جڑ، بنیاد، سبب، اصل وغیرہ ہیں، جذر نکالنے کے ریاضی عمل کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

In Sanskrit, varga-mula (the basis, cause, origin of the square) was used for square-root and ghana-mula was used for cube-root. This use of mula for the mathematical concept of root was subsequently emulated in Arabic and Latin through their corresponding words for the root of a plant - jidhr and radix respectively. The term mula for root has been used in India at least from the first century BCE. Another term used was pada (foot, basis, cause, origin). Brahmagupta (628 CE) explains, 'The pada (root) of a krti (square) is that of which it is a square.'



Figure it Out - 1.2

1. Find the cube roots of 27000 and 10648.
2. What number will you multiply by 1323 to make it a cube number?
3. State true or false. Explain your reasoning.
   (i) The cube of any odd number is even.
   (ii) There is no perfect cube that ends with 8.
   (iii) The cube of a 2-digit number may be a 3-digit number.
   (iv) The cube of a 2-digit number may have seven or more digits.
   (v) Cube numbers have an odd number of factors.
4. You are told that 1331 is a perfect cube. Can you guess without factorisation what its cube root is? Similarly, guess the cube roots of 4913, 12167, and 32768.
5. Which of the following is the greatest? Explain your reasoning.
   (i) $67^3 - 66^3$ (ii) $43^3 - 42^3$ (iii) $67^2 - 66^2$ (iv) $43^2 - 42^2$

SUMMARY

- A number obtained by multiplying a number by itself is called a square number. Squares of natural numbers are called perfect squares.
- All perfect squares end with 0, 1, 4, 5, 6 or 9. Squares can only have an even number of zeros at the end.
- Square root is the inverse operation of square. Every perfect square has two integral square roots. The positive square root of a number is denoted by the symbol $\sqrt{\ }$. For example, $\sqrt{9} = 3$.
- A number obtained by multiplying a number by itself three times is called a cube. For example 1, 8, 27, ... ,etc., are cubes.

سنسکرت میں ورگ مول (مربع کی بنیاد، سبب، اصل) مربع کے جذر کے لیے اور گھن مول مکعب کے جذر کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ ریاضی کے تصور کے لیے مول کا یہ استعمال بعد میں عربی اور لاطینی زبانوں میں پودے کی جڑ کے لیے ان کے متعلقہ الفاظ جذر اور ریڈکس کی صورت میں اپنایا گیا۔ ہندوستان میں مول کا لفظ جذر کے لیے کم از کم پہلی صدی قبل مسیح سے استعمال ہو رہا ہے۔ ایک اور اصطلاح پاد (قدم، بنیاد، سبب، اصل) بھی استعمال ہوتی تھی۔ برہم گپت (628 عیسوی) نے وضاحت کی: "کرتی (مربع) کا پاد (جذر) وہ ہے جس کا یہ مربع ہے۔"



حل کیجیے-1.2

1۔ 27000 اور 10648 کے مکعب جذر معلوم کیجیے۔

2۔ 1323 کو کس عدد سے ضرب دینے پر مکعب عدد حاصل ہو گا؟

3۔ درست یا غلط بتائیے۔ اپنی وجہ بیان کیجیے۔

- (i) کسی بھی طاق عدد کا مکعب جفت ہوتا ہے۔
- (ii) کوئی بھی مکمل مکعب 8 پر ختم نہیں ہوتا۔
- (iii) دو ہندسوں والے عدد کا مکعب تین ہندسوں والا عدد ہو سکتا ہے۔
- (iv) دو ہندسوں والے عدد کے مکعب میں سات یا اس سے زیادہ ہندسے ہو سکتے ہیں۔
- (v) مکعب اعداد کے اجزائے ضربی کی تعداد طاق ہوتی ہے۔

4۔ آپ کو بتایا گیا ہے کہ 1331 ایک مکمل مکعب ہے۔ کیا آپ اجزاء میں تقسیم کیے بغیر اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس کا مکعب جذر کیا ہے؟

اسی طرح 4913، 12167 اور 32768 کے مکعب جذر کا اندازہ لگائیے۔

5۔ درج ذیل میں سے سب سے بڑا کون سا ہے؟ اپنی وجہ بیان کیجیے۔

$43^2 - 42^2$(iv) $67^2 - 66^2$(iii) $43^3 - 42^3$(ii) $67^3 - 66^3$(i)

خلاصہ

- کسی عدد کو خود سے ضرب دینے پر حاصل ہونے والا عدد مربع عدد کہلاتا ہے۔ فطری اعداد کے مربعوں کو مکمل مربع کہتے ہیں۔
- تمام مکمل مربع 0، 1، 4، 5، 6 یا 9 پر ختم ہوتے ہیں۔ مربعوں کے آخر میں صفر کی تعداد صرف جفت ہو سکتی ہے۔
- جذر المربع، مربع کا الٹا عمل ہے۔ ہر مکمل مربع کے دو عددی جذر المربع ہوتے ہیں۔ کسی عدد کا مثبت جذر المربع $\sqrt{}$ کی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر $\sqrt{9}=3$۔
- کسی عدد کو خود سے تین بار ضرب دینے پر حاصل ہونے والا عدد مکعب کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر 1، 8، 27 وغیرہ مکعب اعداد ہیں۔

- A number is a perfect square if its prime factors can be split into two identical groups.
- A number is a perfect cube if its prime factors can be split into three identical groups
- The symbol $\sqrt[3]{\ }$ denotes cube root. For example, $\sqrt[3]{27} = 3$.



Look at the following numbers: 3 6 10 15 1
They are arranged such that each pair of adjacent numbers adds up to a square.


$3 + 6 = 9,\ 6 + 10 = 16,\ 10 + 15 = 25,\ 15 + 1 = 16.$

Try arranging the numbers 1 to 17 (without repetition) in a row in a similar way - the sum of every adjacent pair of numbers should be a square.

Can you arrange them in more than one way? If not, can you explain why?



Can you do the same with numbers from 1 to 32 (again, without repetition), but this time arranging all the numbers in a circle?





- کوئی عدد مکمل مربع ہے اگر اس کے اولیہ اجزائے ضربی کو دو یکساں گروہوں میں تقسیم کیا جاسکے۔
- کوئی عدد مکمل مکعب ہے اگر اس کے اولیہ اجزائے ضربی کو تین یکساں گروہوں میں تقسیم کیا جاسکے۔
- $\sqrt[3]{}$ کی علامت مکعب جذر کو ظاہر کرتی ہے۔ مثال کے طور پر $\sqrt[3]{27}=3$



درج ذیل اعداد پر غور کیجیے: 1 15 10 6 3

انہیں اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ ہر دو ملحقہ اعداد کا مجموعہ ایک مربع عدد ہو۔


$15 + 1 = 16$، $10 + 15 = 25$، $6 + 10 = 16$، $3 + 6 = 9$

اب 1 سے 17 تک کے اعداد (بغیر دہرائے) کو اسی طرح ایک قطار میں ترتیب دینے کی کوشش کیجیے — ہر دو ملحقہ اعداد کا مجموعہ ایک مربع عدد ہونا چاہیے۔

کیا آپ انہیں ایک سے زیادہ طریقوں سے ترتیب دے سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو کیا آپ وجہ بتا سکتے ہیں؟



کیا آپ 1 سے 32 تک کے اعداد (پھر بغیر دہرائے) کے ساتھ بھی ایسا کر سکتے ہیں، لیکن اس بار تمام اعداد کو ایک دائرے میں ترتیب دیجیے؟





2 POWER PLAY

Learning outcomes

Learners will able to

- Analyze situations, farmulate questions, and arrive at solutions by sequentially guessing and initial answer modelling the problem statement and applying assumptions and approximation (CG-6)
- Understand laws of exponents (CG-1)
- Compare exponential growth with additive growth. (CG-1)
- Convert very large numbers in standard form (CG-1)
- Compare very large numbers (CG-1)

K4N3R2

2.0 Experiencing the Power Play ..

An Impossible Venture!


Take a sheet of paper, as large a sheet as you can find. Fold it once. Fold it again, and again.

? How many times can you fold it over and over?

Raju says "I heard that a sheet of paper can't be folded more than 7 times".

Rekha replies "What if we use a thinner paper, like a newspaper or a tissue paper?"

Try it with different types of paper and see what happens.



2 قوت نماؤں کا کھیل

W7Q5V7

اکتسابی نتائج:

طلبہ اس قابل بنیں گے

- صورتحال کا تجزیہ کر سکیں گے، سوالات مرتب کر سکیں گے، اور ترتیب وار اندازہ لگا کر اور ابتدائی جواب کا ماڈل تیار کر کے، نیز مفروضات اور تخمینوں کا اطلاق کر کے مسائل کے حل تک پہنچ سکیں گے۔
- قوت نما کے قوانین کو سمجھ سکیں گے۔
- اضافی نشوونما کے ساتھ تیزی سے بڑھنے والی نشوونما کا موازنہ کریں گے۔
- بہت بڑے اعداد کو معیاری شکل میں تبدیل کریں گے۔
- بہت بڑے اعداد کا موازنہ کریں گے۔

2.0 قوت نماؤں کے ساتھ کھیل کی سمجھ بوجھ ....ایک ناممکن مہم جوئی!


آپ نے اب تک جتنا بڑا کاغذ دیکھا ہے، اسے لیں۔ اسے ایک بار موڑیں۔ پھر سے موڑیں۔ اور پھر سے موڑیں۔

آپ اسے بار بار کتنی دفعہ موڑ سکتے ہیں؟

راجو کہتا ہے: "میں نے سنا ہے کہ ایک کاغذی شیٹ کو 7 بار سے زیادہ نہیں موڑا جا سکتا۔"

ریکھا کہتی ہے: "اگر ہم اخبار یا ٹشو پیپر جیسا پتلا کاغذ استعمال کریں تو کیا ہو گا؟"

مختلف قسم کے کاغذات کے ساتھ یہ کوشش کریں اور دیکھیں کہ کیا ہوتا ہے۔



? Say you can fold a sheet of paper as many times as you wish. What would its thickness be after 30 folds? Make a guess.

Let us find out how thick a sheet of paper will be after 46 folds. Assume that the thickness of the sheet is 0.001 cm.

? The following table lists the thickness after each fold. Observe that the thickness doubles after each fold.


Fold	Thickness	Fold	Thickness	Fold	Thickness
1	0.002 cm	7	0.128 cm	13	8.192 cm
2	0.004 cm	8	0.256 cm	14	16.384 cm
3	0.008 cm	9	0.512 cm	15	32.768 cm
4	0.016 cm	10	1.024 cm	16	65.536 cm
5	0.032 cm	11	2.048 cm	17	≈ 131 cm
6	0.064 cm	12	4.096 cm		

(We use the sign '≈' to indicate 'approximately equal to'.)

After 10 folds, the thickness is just above 1 cm (1.024 cm).

After 17 folds, the thickness is about 131 cm (a little more than 4 feet).

? Now, what do you think the thickness would be after 30 folds? 45 folds? Make a guess.




? Fill the table below.

Fold	Thickness	Fold	Thickness	Fold	Thickness
18	≈ 262 cm	21		24	
19	≈ 524 cm	22		25	
20	≈ 10.4 m	23		26	

After 26 folds, the thickness is approximately 670 m. Burj Khalifa in Dubai, the tallest building in the world, is 830 m tall.

Fold	Thickness	Fold	Thickness
27	≈ 1.3 km	29	
28		30	



After 30 folds, the thickness of the paper is about 10. the typical height at which planes fly. The deepest

APSCERT

فرض کریں کہ آپ ایک کاغذی شیٹ کو جتنی بار چاہیں موڑ سکتے ہیں۔ 30 بار موڑنے کے بعد اس کی موٹائی کتنی ہو گی؟ اندازہ لگائیں۔

آیئے معلوم کرتے ہیں کہ 46 بار موڑنے کے بعد کاغذ کی شیٹ کتنی موٹی ہو گی۔ فرض کریں کہ کاغذ کی ابتدائی موٹائی 0.001 سمر ہے۔

نیچے دیا گیا جدول ہر بار موڑنے کے بعد کی موٹائی کو ظاہر کرتا ہے۔ غور کریں کہ ہر بار موڑنے کے بعد موٹائی دوگنی ہو رہی ہے۔

موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی
1	0.002 سمر	7	0.128 سمر	13	8.192 سمر
2	0.004 سمر	8	0.256 سمر	14	16.384 سمر
3	0.008 سمر	9	0.512 سمر	15	32.768 سمر
4	0.016 سمر	10	1.024 سمر	16	65.536 سمر
5	0.032 سمر	11	2.048 سمر	17	$\approx$ 131 سمر
6	0.064 سمر	12	4.096 سمر		

(نوٹ: ہم تقریباً برابر ظاہر کرنے کے لیے '$\approx$' کی علامت استعمال کرتے ہیں۔)



10 بار موڑنے کے بعد، موٹائی 1 سمر سے تھوڑی زیادہ ہوتی ہے (1.024 سمر)۔

17 بار موڑنے کے بعد، موٹائی تقریباً 131 سمر ہوتی ہے (4 فٹ سے تھوڑی زیادہ)۔


تو پھر، آپ کے خیال میں 30 بار موڑنے کے بعد موٹائی کتنی ہو گی؟ 45 بار موڑنے کے بعد موٹائی کتنی ہو گی؟ اندازہ لگا کر بتائیں۔

نیچے دیے گئے جدول کو مکمل کریں۔

موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی
18	$\approx$ 262 سمر	21		24	
19	$\approx$ 524 سمر	22		25	
20	$\approx$ 10.4 میٹر	23		26	


26 بار موڑنے کے بعد، اس کی موٹائی تقریباً 670 میٹر ہو گی۔ دنیا کی سب سے اونچی عمارت دبئی کے 'برج خلیفہ' کی اونچائی 830 میٹر ہے۔

موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی
27	$\approx$ 1.3 کلومیٹر	29	
28		30	



30 بار موڑنے کے بعد، کاغذ کی موٹائی تقریباً 10.7 کلومیٹر ہو گی، جو کہ عام طور پر ہوائی جہازوں کے اڑنے کی اونچائی کے برابر ہے۔

APSCERT



discovered in the oceans is the Mariana Trench, with a depth of 11 km.

Fold	Thickness	Fold	Thickness	Fold	Thickness
31		36		41	
32		37		42	
33		38		43	
34		39		44	
35		40		45	

It might be hard to digest the fact that after just 46 folds, the thickness is more than 7,00,000 km. This is the power of multiplicative growth, also called exponential growth. Let us analyse the growth.

We have seen that the thickness doubles after every fold.

Fold 4	0.016 cm
Fold 5	0.032 cm

Fold 9	0.512 cm
Fold 10	1.024 cm

Notice the change in thickness after two folds. By how much does it increase?

Fold 4	0.016 cm
Fold 6	1.064 cm

After any 3 folds, the thickness increases 8 times (= 2 × 2 × 2). Check if that is true. Similarly, from any point, the thickness after 10 folds increases by 1024 times (= 2 multiplied by itself 10 times), as shown in the table below.

Fold	Thickness	Times increased by
0 to 10	1.024 cm - 0.001 cm = 1. 023 cm	1.024 ÷ 0.001 cm = 1024
10 to 20	10.485 m - 1.024 cm ≈ 10. 474 m	10.485 m ÷ 1.024 cm = 1024
20 to 30	10.737 km - 10.485 m ≈ 10. 726 km	10.737 km ÷ 10.485 m = 1024
30 to 40	10995 km - 10.737 m ≈ 10984.2 km	10995 km ÷ 10.737 km = 1024

© NCERT

سمندروں میں پایا جانے والا سب سے گہرا مقام ماریانا خندق ہے،
جس کی گہرائی 11 کلو میٹر ہے۔



موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی	موڑنا	موٹائی
31		36		41	
32		37		42	
33		38		43	
34		39		44	
35		40		45	

صرف 46 بار موڑنے کے بعد، موٹائی 7,00,000 کلو میٹر سے زیادہ ہو جائے گی، اس حقیقت کو تسلیم کرنا شاید مشکل ہو۔ یہی ضربی ترقی کی طاقت ہے، جسے قوت نمائی اضافہ بھی کہا جاتا ہے۔ آیئے ہم اس ترقی کا تجزیہ کرتے ہیں۔

ہم نے دیکھا کہ ہر بار موڑنے کے بعد موٹائی دوگنی ہو جاتی ہے۔

موڑ4	0.016 سمر	موڑ9	0.512 سمر
موڑ5	0.032 سمر	موڑ10	1.024 سمر

دوبار موڑنے کے بعد موٹائی میں آنے والی تبدیلی پر غور کریں۔

موڑ4	0.016 سمر
موڑ6	1.064 سمر

وہ کتنی بڑھتی ہے؟

کوئی بھی 3 تہیں لگانے کے بعد، موٹائی 8 گنا ($= 2 \times 2 \times 2$) بڑھ جاتی ہے۔ جانچ کیجیے۔

اسی طرح، نیچے دی گئی جدول میں دکھائے گئے طریقے کے مطابق، کسی بھی مقام سے 10 بار موڑنے کے بعد موٹائی 1024 گنا بڑھ جاتی ہے
(2 = وخود اسی سے 10 بار ضرب دینے پر حاصل ہونے والا عدد)۔

موڑنا	موٹائی	کتنے گنا اضافہ ہوا
0 سے 10	1.024 سمر - 0.001 سمر	1.024 ÷ 0.001 سمر
	= 1.023 سمر	=1024
10 سے 20	10.485 میٹر - 1.024 سمر	1.024 سینٹی میٹر ÷ 10.485 میٹر
	≈ 10.474 میٹر	=1024
20 سے 30	10.737 کلو میٹر - 10.485 میٹر	10.485 میٹر ÷ 10.737 کلو میٹر
	≈ 10.726 میٹر	=1024
30 سے 40	10995 کلو میٹر - 10.737 کلو میٹر	10.737 کلو میٹر ÷ 10995 کلو میٹر
	≈ 10984.2 کلو میٹر	=1024

2.1 Exponential Notation and Operations

The initial thickness of the paper was 0.001 cm.

Upon folding once, its thickness became 0.001 cm × 2 = 0.002 cm.

Folding it twice, its thickness became -

0.001 cm × 2 × 2 = 0.004 cm, or 0.001 cm × 2^2 = 0.004 cm (in shorthand).

Upon folding it thrice, its thickness became -

0.001 cm × 2 × 2 × 2, or 0.001 cm × 2^3 = 0.008 cm.

When folded four times, its thickness became -

0.001 cm × 2 × 2 × 2 × 2, or 0.001 cm × 2^4 = 0.016 cm.

Similarly, the expression for the thickness of the paper when folded 7 times will be 0.001 cm × 2 × 2 × 2 × 2 × 2 × 2 × 2, or 0.001 cm × 2^7 = 0.128 cm.

We have seen that square numbers can be expressed as n^2 and cube numbers as n^3.

$n \times n = n^2$ (read as 'n squared' or 'n raised to the power 2')

$n \times n \times n = n^3$ (read as 'n cubed' or 'n raised to the power 3')

$n \times n \times n \times n = n^4$ (read as 'n raised to the power 4' or 'the 4th power of n') $n \times n \times n \times n \times n \times n \times n = n^7$ (read as 'n raised to the power 7' or 'the 7th power of n') and so on.

In general, we write n^a to denote n multiplied by itself a times.

$5^4 = 5 \times 5 \times 5 \times 5 = 625$.

5^4 is the exponential form of 625. Here, 4 is the exponent/power, and 5 is the base. Exponents of the form 5^n are called powers of 5: 5^1, 5^2, 5^3, 5^4, etc.

$2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 = 2^{10} = 1024$.

Remember the 1024 from earlier? There, it meant that after every 10 folds, the thickness increased 10^{24} times.

5^4 is read as '5 raised to the power 4' or '5 to the power 4' or '5 power 4' or '4th power of 5'

? Which expression describes the thickness of a sheet of paper after it is folded 10 times? The initial thickness is represented by the letter-number v.

(i) 10v (ii) 10 + v (iii) 2 × 10 × v

(iv) 2^{10} (v) 2^{10}v (vi) 10^2v

Some more examples of exponential notation:

APSCERT

2.1 قوّت نمائی علامتیں اور اُنکے اعمال

کاغذ کی ابتدائی موٹائی 0.001 سمر ہے۔

ایک بار موڑنے پر، اس کی موٹائی 0.001×2 سمر $= 0.002$ سمر ہو گئی۔

دوبار موڑنے پر، اس کی موٹائی۔

$0.001 \times 2 \times 2$ سمر $= 0.004$ سمر یا 0.001×2^2 سمر $= 0.004$ سمر (مختصر طور پر)

تین بار موڑنے پر، اس کی موٹائی۔

$0.001 \times 2 \times 2 \times 2$ سمر $= 0.008$ سمر یا 0.001×2^3 سمر $= 0.008$ سمر

چار بار موڑنے پر، اس کی موٹائی۔

$0.001 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$ سمر $= 0.016$ سمر یا 0.001×2^4 سمر $= 0.016$ سمر

اسی طرح، کاغذ کو 7 بار موڑنے پر اس کی موٹائی سے متعلق مساوات

$0.001 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$ سمر $= 0.128$ سمر یا 0.001×2^7 سمر

$= 0.128$ سمر

ہم دیکھ چکے ہیں کہ مربعی اعداد کو n^2 اور مکعبی اعداد کو n^3 کے طور پر ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

$n^2 = n \times n$ (اسے 'n اسکوائر' یا 'n کی قوت نما 2' پڑھا جاتا ہے)

$n^3 = n \times n \times n$ (اسے 'n کیوب' یا 'n کی قوت نما 3' پڑھا جاتا ہے)

$n^4 = n \times n \times n \times n$ ('n کی قوت نما 4' پڑھا جاتا ہے)

$n^7 = n \times n \times n \times n \times n \times n \times n$ ('n کی قوت نما 7' یا 'n کی 7 ویں قوت' پڑھا جاتا ہے) اور اسی طرح آگے بھی۔

عام طور پر، عدد n کو خود اسی سے 'a' مرتبہ ضرب دینے کو ظاہر کرنے کے لیے ہم n^a لکھتے ہیں۔

$5^4 = 5 \times 5 \times 5 \times 5 = 625$۔

5^4 دراصل 625 کی قوت نمائی شکل ہے۔ یہاں، 4 قوت نما یا قوت ہے اور 5 اساس ہے۔

5^n کی شکل میں موجود قوت نماؤں کو 5 کی قوتیں کہا جاتا ہے: 5^1، 5^2، 5^3، 5^4 وغیرہ۔

$1024 = 2^{10} = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$

کیا آپ کو پہلے دیکھا ہوا 1024 یاد ہے؟ وہاں، اس کا مطلب یہ تھا کہ ہر 10 مرتبہ موڑنے کے بعد موٹائی 1024 گنا بڑھ جاتی ہے۔

ایک کاغذ کی شیٹ کو 10 بار موڑنے کے بعد اس کی موٹائی کو کون سی مساوات واضح کرتی ہے؟ جبکہ ابتدائی موٹائی کو حرف V سے ظاہر کیا گیا ہو۔

(i) $10v$ (ii) $10 + v$ (iii) $2 \times 10 \times v$

(iv) 210 (v) $210v$ (vi) $102v$

قوت نمائی شکل کی کچھ مزید مثالیں:

5^4 کو اس طرح پڑھا جاتا ہے
'5 کی قوت نما 4'
'یا '5 کی 4 چوتھی قوت'

$4 \times 4 \times 4 = 4^3 = 64$.

$(-4) \times (-4) \times (-4) = (-4)^3 = -64$.

Similarly,

$a \times a \times a \times b \times b$ can be expressed as a^3b^2 (read as a cubed b squared).

$a \times a \times b \times b \times b \times b$ can be expressed as a^2b^4 (read as a squared b raised to the power 4).

Remember that $4 + 4 + 4 = 3 \times 4 = 12$, where as $4 \times 4 \times 4 = 4^3 = 64$.

? Express the number 32400 as a product of its prime factors and represent the prime factors in their exponential form.

$32400 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 5 \times 5 \times 3 \times 3 \times 3 \times 3$.

In exponential form, this would be

$32400 = 2^4 \times 5^2 \times 3^4$.

2	32400
2	16200
2	8100
2	4050
5	2025
5	405
3	81
3	27
3	9
3	3
	1

? What is $(-1)^5$? Is it positive or negative? What about $(-1)^{56}$?

? Is $(-2)^4 = 16$? Verify.

What is 0^2, 0^5 ? What is 0^n ? What is $(-1)^n$ when n is even integer? and when n is odd integer?



Figure it Out - 2.1

1. Express the following in exponential form:

   (i) $6 \times 6 \times 6 \times 6$ (ii) $y \times y$

   (iii) $b \times b \times b \times b$ (iv) $5 \times 5 \times 7 \times 7 \times 7$

   (v) $2 \times 2 \times a \times a$ (vi) $a \times a \times a \times c \times c \times c \times c \times d$

2. Express each of the following as a product of powers of their prime factors in exponential form.

   (i) 648 (ii) 405 (iii) 540 (iv) 3600

3. Write the numerical value of each of the following:

   (i) 2×10^3 (ii) $7^2 \times 2^3$ (iii) 3×4^4

   (iv) $(-3)^2 \times (-5)^2$ (v) $3^2 \times 10^4$ (vi) $(-2)^5 \times (-10)^6$

APSCERT

$64 = 4^3 = 4 \times 4 \times 4$.

$-64 = (-4)^3 = (-4) \times (-4) \times (-4)$.

اسی طرح:

$a \times a \times a \times b \times b$ کو a^3b^2 کی شکل میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔(a کیوب b اسکوائر پڑھا جائے گا)۔

$a \times a \times b \times b \times b \times b$ کو a^2b^4 کی شکل میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔(a اسکوائر b کی قوت نما 4 پڑھا جائے گا)۔

یاد رکھیے کہ $12 = 3 \times 4 = 4 + 4 + 4$ ، جبکہ $64 = 4^3 = 4 \times 4 \times 4$

عدد 32400 کو اس کے مفرد اجزائے ضربی کے حاصلِ ضرب کے طور پر ظاہر کیجیے اور مفرد اجزائے ضربی کو ان کی قوت نمائی شکل میں ظاہر کیجیے۔

$32400 = 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 5 \times 5 \times 3 \times 3 \times 3 \times 3$

قوت نمائی شکل میں، یہ اس طرح ہوگا:

$32400 = 2^4 \times 5^2 \times 3^4$

2 | 32400
1۔ فرض کیجیے کہ آپ وہ عددی نظام استعمال کر رہے ہیں جو طریقہ 1 کی طرح اعداد ظاہر کرنے کے لیے لکڑیاں استعمال کرتا ہے۔ ہندوستانی عددی نظام کے نہ تو نام اور نہ ہی ہندسے استعمال کرتے ہوئے، لکڑیوں کے دو اعداد یا دو مجموعوں کو جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کرنے کا طریقہ بتائیے۔

2۔ طریقہ 2 میں عددی نظام کو بڑھانے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ایک سے زیادہ حروف والے مجموعے استعمال کیے جائیں — مثال کے طور پر ہم 27 کے لیے 'aa' استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ اس نظام کو تمام اعداد ظاہر کرنے کے لیے کیسے بڑھائیں گے؟

There are many ways of doing it!

3. Try making your own number system.

3.2 The Roman Numerals



We have already seen the Roman number system till 20 (Table 1). We have seen that it uses I for 1, V for 5, X for 10.

To get the Roman numeral for any number till 39, it is first grouped into as many 10s as possible, the remaining is grouped into as many 5s as possible, and finally the remaining is grouped into 1s.

Example: Let us take the number 27.

27 = 10 + 10 + 5 + 1 + 1

So, 27 in Roman numerals is XXVII.

Instead of representing 50 as XXXXX, a new symbol is given to it: L. Following the way the number 4 is represented as 1 less than 5 - that is, as IV - 40 is represented as 10 less than 50 - that is, as XL. However, people using this system were not always consistent with this practice. Sometimes, 40 was also represented as XXXX.

The Roman number system introduces newer symbols to represent certain bigger numbers. Let us call all these numbers that have a new basic symbol as landmark numbers. Here are some of the **landmark numbers** of the Roman system and their associated numerals.


I	V	X	L	C	D	M
1	5	10	50	100	500	1,000

APSCERT

اسے کرنے کے بہت سے طریقے ہیں!

3۔ اپنا عددی نظام بنانے کی کوشش کیجیے۔

3.2 رومن ہندسے



ہم رومن عددی نظام کو 20 تک (جدول 1 میں) پہلے ہی دیکھ چکے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ یہ 1 کے لیے I، 5 کے لیے V اور 10 کے لیے X استعمال کرتا ہے۔

39 تک کسی بھی عدد کا رومن ہندسہ حاصل کرنے کے لیے پہلے اسے جتنے ممکن ہو سکے 10 کے گروہوں میں تقسیم کریں، باقی کو جتنے ممکن ہو سکے 5 کے گروہوں میں تقسیم کریں، اور آخر میں باقی کو 1 کے گروہوں میں تقسیم کریں۔

مثال : عدد 27 لیتے ہیں۔

$$27 = 10 + 10 + 5 + 1 + 1$$

پس 27 کا رومن ہندسہ XXVII ہے۔

50 کو XXXXX لکھنے کی بجائے اسے ایک نئی علامت دی گئی: L ۔ جس طرح 4 کو 5 سے 1 کم یعنی IV لکھا جاتا ہے، اسی طرح 40 کو 50 سے 10 کم یعنی XL لکھا جاتا ہے۔ تاہم اس نظام کے استعمال کنندگان ہمیشہ اس طریقے میں یکساں نہیں رہے۔ کبھی کبھی 40 کو XXXX بھی لکھا جاتا تھا۔

رومن عددی نظام کچھ بڑے اعداد ظاہر کرنے کے لیے نئی علامتیں متعارف کراتا ہے۔ آیئے ان تمام اعداد کو جن کی ایک نئی بنیادی علامت ہو اہم اعداد کہتے ہیں۔ یہاں رومن نظام کے کچھ اہم اعداد اور ان کی متعلقہ علامتیں ہیں۔

I	V	X	L	C	D	M
1	5	10	50	100	500	1,000

These symbols are used to denote other numbers as well. For example, consider the number 2367. Writing it as a sum of landmark numbers starting from 1000 such that we take as many 1000s as possible, 500s as possible, and so on, we get

2367 = 1000 + 1000 + 100 + 100 + 100 + 50 + 10 + 5 + 1 + 1

So in Roman numerals, this number is MMCCCLXVII.



Figure it Out - 3.2

1. Represent the following numbers in the Roman system.
   (i) 1222 (ii) 2999 (iii) 302 (iv) 715

We see how vastly efficient this system is compared to some of the previous number systems that we have seen. This system seems to have evolved out of the ancient Greek number system in around the 8th century BCE in Rome, and evolved over time. It spread throughout Europe with the expansion of the Roman empire.

The efficiency of this system is due to the grouping of a given number by not just one group size, but a sequence of group sizes that we call landmark numbers, and then using these landmark numbers to represent the given number. This idea is the next important breakthrough in the history of the evolution of number systems.

Despite the relative efficiency of the Roman system, it doesn't lend itself to an easy performance of arithmetic operations, particularly multiplication and division.



Example : Try adding the following numbers without converting them to Hindu numerals:

(a) CCXXXII + CCCCXIII

Let us find the total number of Is, Xs, and Cs, and group them starting from the largest landmark number.

Apparently, it looks like the largest landmark number is C, but note that 5 Cs (100s) make a D (500). So the sum is

یہ علامتیں دوسرے اعداد ظاہر کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر عدد 2367 پر غور کیجیے۔
اسے 1000 سے شروع ہونے والے اہم اعداد کے مجموعے کے طور پر اس طرح لکھیں کہ جتنے ممکن ہو سکے 1000، پھر 500 اور اسی طرح آگے لیں تو ہمیں ملتا ہے:

$$2367 = 1000 + 1000 + 100 + 100 + 100 + 50 + 10 + 5 + 1 + 1$$

پس رومن ہندسوں میں یہ عدد MMCCCLXVII ہے۔



حل کیجیے–3.2

1۔ درج ذیل اعداد کو رومن نظام میں ظاہر کیجیے۔

(i) 1222 (ii) 2999 (iii) 302 (iv) 715

ہم دیکھتے ہیں کہ یہ نظام پہلے دیکھے گئے کچھ عددی نظاموں کے مقابلے میں کتنا زیادہ موثر ہے۔ یہ نظام تقریباً آٹھویں صدی قبل مسیح میں روم میں قدیم یونانی عددی نظام سے ارتقاء پاتا معلوم ہوتا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ ترقی پاتا رہا۔ رومن سلطنت کی توسیع کے ساتھ یہ پورے یورپ میں پھیل گیا۔

اس نظام کی کارکردگی اس بات سے ہے کہ کسی عدد کو صرف ایک گروہ کے حجم سے نہیں بلکہ گروہ کے حجموں کی ایک ترتیب سے گروہ بندی کی جاتی ہے جسے ہم اہم اعداد کہتے ہیں، اور پھر ان اہم اعداد کو دیے گئے عدد کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ خیال عددی نظاموں کے ارتقاء کی تاریخ میں اگلی اہم پیش رفت ہے۔

رومن نظام کی نسبتاً کارکردگی کے باوجود، یہ ریاضی کے عملیات خاص طور پر ضرب اور تقسیم کو آسانی سے انجام دینے میں مددگار نہیں ہے۔

مثال : درج ذیل اعداد کو ہندوستانی ہندسوں میں بدلے بغیر جوڑنے کی کوشش کیجیے:



(a) CCXXXII + CCCCXIII

آیئے I ، X اور C کی کل تعداد معلوم کریں اور انہیں سب سے بڑے اہم عدد سے شروع کرتے ہوئے گروہ بندی کریں۔

بظاہر لگتا ہے کہ سب سے بڑا اہم عدد C ہے، لیکن غور کیجیے کہ 5 C (100 کے) مل کر D (500) بناتے ہیں۔ پس مجموعہ یہ ہے:


D
C C XXXII
C C C CXIII

XL V
DC XXX II = DCXLV
X III

Do it yourself now: (b) LXXXVII + LXXVIII

? How will you multiply two numbers given in Roman numerals, without converting them to Hindu numerals? Try to find the product of the following pairs of landmark numbers:
V × L, L × D, V × D, VII × IX.

Try This



People using the Roman system made use of a calculating tool called the **abacus** to perform their arithmetic operations. We will see what it is in a later section. However, only specially trained people used this tool for calculation. While going through the number systems discussed above, it should not be understood that, historically, one system developed as an improvement over the previous system. This point should be kept in mind when studying the upcoming number systems too. The actual story of how each of the number systems developed is much more complex, and many times not clearly known, and so we will not try to trace this in the chapter.



Figure it Out - 3.3

1. Identify the features of the Hindu number system that make it efficient when compared to the Roman number system.

Math Talk

© NCERT not to be republished

D
CCXXXII
CCC CXIII

XL V
DC XXX II = DCXLV
X III


اب یہ خود کیجیے۔ LXXXVII + LXXVIII(b)

یہ بھی کیجیے

؟ رومن ہندسوں میں دو اعداد کو ہندوستانی ہندسوں میں بدلے بغیر کیسے ضرب دیں گے؟

درج ذیل اہم اعداد کے جوڑوں کا حاصل ضرب معلوم کرنے کی کوشش کیجیے:

V × L ، L × D ، V × D ، VII × IX



رومن نظام استعمال کرنے والے لوگ اپنے ریاضی کے عملیات انجام دینے کے لیے **ابا کس** نامی حسابی آلہ استعمال کرتے تھے۔ ہم اسے ایک بعد کے حصے میں دیکھیں گے۔ تاہم صرف خاص طور پر تربیت یافتہ لوگ ہی اس آلے کو حساب کے لیے استعمال کرتے تھے۔ اوپر بیان کردہ عددی نظاموں کا مطالعہ کرتے ہوئے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ تاریخی طور پر ایک نظام پچھلے نظام کی بہتری کے طور پر تیار ہوا۔ آنے والے عددی نظاموں کا مطالعہ کرتے وقت بھی اس بات کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔ ہر عددی نظام کے ارتقاء کی اصل کہانی بہت زیادہ پیچیدہ ہے اور اکثر اوقات واضح طور پر معلوم نہیں ہے، اس لیے ہم اس باب میں اسے تلاش کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔

حل کیجیے–3.3

ریاضی بحث


1۔ ہندوستانی عددی نظام کی وہ خصوصیات شناخت کیجیے جو اسے رومن عددی نظام کے مقابلے میں زیادہ موثر بناتی ہیں۔

2. Using the ideas discussed in this section, try refining the number system you might have made earlier.

Try This


3.3 The Idea of a Base

I. The Egyptian Number System




We are now going to see a written number system that the Egyptians developed around 3000 BCE. In this system, we see the use of landmark numbers to group and represent a given number. However, what makes this system special is its sequence of landmark numbers.

Imagine making collections of pebbles. The first landmark number is 1. Group together 10 collections of the previous landmark number (1). Its size is the second landmark number which is 10. Group together 10 collections of the previous landmark number (10). Its size is the third landmark number which is $10 \times 10 = 100$, and so on.



Each landmark number is 10 times the previous one. Since 1 is the first landmark number, they are all powers of 10. The following are the symbols given to these numbers -

1	10	10^2	10^3	10^4	10^5	10^6	10^7
							

یہ بھی کیجیے

2۔ اس حصے میں بیان کردہ خیالات کو استعمال کرتے ہوئے اپنے پہلے بنائے ہوئے عددی نظام کو بہتر بنانے کی کوشش کیجیے۔


3.3 اساس کا تصور

I. مصری عددی نظام




ہم اب ایک ایسا لکھا ہوا عددی نظام دیکھنے جا رہے ہیں جو مصریوں نے تقریباً 3000 قبل مسیح میں تیار کیا تھا۔ اس نظام میں ہم کسی دیے گئے عدد کو گروہ بندی کر کے ظاہر کرنے کے لیے اہم اعداد کا استعمال دیکھتے ہیں۔ تاہم جو چیز اس نظام کو خاص بناتی ہے وہ اس کے اہم اعداد کی ترتیب ہے۔

تصور کیجیے کہ کنکروں کے مجموعے بنائے جا رہے ہیں۔ پہلا اہم عدد 1 ہے۔ پچھلے اہم عدد (1) کے 10 مجموعے اکٹھے کریں۔ اس کا سائز دوسرا اہم عدد ہے جو 10 ہے۔ پچھلے اہم عدد (10) کے 10 مجموعے اکٹھے کریں۔ اس کا سائز تیسرا اہم عدد ہے جو $10 \times 10 = 100$ ہے، اور اسی طرح آگے۔



ہر اہم عدد پچھلے سے 10 گنا ہے۔ چونکہ 1 پہلا اہم عدد ہے اس لیے یہ سب 10 کی قوتیں ہیں۔ ان اعداد کو دی گئی علامتیں یہ ہیں:



As in the case of Roman numbers, a given number is counted in groups of the landmark numbers, starting from the largest landmark number less than the given number. This is then used to assign the numeral.

For example 324 which equals 100 + 100 + 100 + 10 + 10 + 4 is written as.







Figure it Out - 3.4

1. Represent the following numbers in the Egyptian system: 10458, 1023, 2660, 784, 1111, 70707.
2. What numbers do these numerals stand for?

(i)



(ii)



II. Variations on the Egyptian System and the Notion of Base


? Instead of grouping together 10 collections of size equal to the previous landmark number (as in the case of the Egyptian system), can we get a number system by grouping together 5 collections of size equal to the previous landmark number? Can this 5 be replaced by any positive integer?

Let us examine this possibility. Let 1 be the first landmark number.

Group together 5 collections of size equal to the previous landmark number (1). Its size is the second landmark number which is 5.

Group together 5 collections of size equal to the previous landmark number (5). Its size is the third landmark number which is $5 \times 5 = 25$.

Group together 5 collections of size equal to the previous landmark number (5). Its size is the fourth landmark number which is $5 \times 25 = 125$.



Thus, we have a new number system where each landmark number is 5 times the previous one. Since 1 is the first landmark number, they are all powers of 5.

رومن اعداد کی طرح کسی دیے گئے عدد کو اہم اعداد کے گروہوں میں گنا جاتا ہے، دیے گئے عدد سے چھوٹے سب سے بڑے اہم عدد سے شروع کرتے ہوئے۔ پھر اسے ہندسہ تفویض کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔


مثال کے طور پر 324 جو 4+10+10+100+100+100 کے برابر ہے، اس طرح لکھا جاتا ہے۔ 


حل کیجیے–3.4



1۔ درج ذیل اعداد کو مصری نظام میں ظاہر کیجیے: 10458، 1023، 2660، 784، 1111، 70707۔

2۔ یہ ہندسے کون سے اعداد ظاہر کرتے ہیں؟

(i) 

(ii) 

II. مصری نظام کی تبدیلیاں اور اساس کا تصور


پچھلے اہم عدد کے حجم کے برابر 10 مجموعے اکٹھے کرنے (جیسا کہ مصری نظام میں) کی بجائے، کیا ہم پچھلے اہم عدد کے حجم کے برابر 5 مجموعے اکٹھے کر کے ایک عددی نظام حاصل کر سکتے ہیں؟ کیا اس 5 کی جگہ کوئی بھی مثبت عدد صحیح رکھا جا سکتا ہے؟

آیئے اس امکان کا جائزہ لیتے ہیں۔ مانتے ہیں کہ 1 پہلا اہم عدد ہے۔

پچھلے اہم عدد (1) کے حجم کے برابر 5 مجموعے اکٹھے کریں۔ اس کا حجم دوسرا اہم عدد ہے جو 5 ہے۔


پچھلے اہم عدد (5) کے حجم کے برابر 5 مجموعے اکٹھے کریں۔ اس کا حجم تیسرا اہم عدد ہے جو $5 \times 5 = 25$ ہے۔

پچھلے اہم عدد (5) کے حجم کے برابر 5 مجموعے اکٹھے کریں۔ اس کا حجم چوتھا اہم عدد ہے جو $5 \times 25 = 125$ ہے۔



اس طرح ہمارے پاس ایک نیا عددی نظام ہے جہاں ہر اہم عدد پچھلے سے 5 گنا ہے۔ چونکہ 1 پہلا اہم عدد ہے اس لیے یہ سب 5 کی قوتیں ہیں۔

$5^0 = 1$ $5^1 = 5$ $5^2 = 25$ $5^3 = 125$ $5^4 = 625$ $5^5 = 3125$



Express the number 143 in this new system.

Let us start grouping, starting with the size $53 = 125$, as this is the largest landmark number smaller than 143. We get-

$$143 = 125 + 5 + 5 + 5 + 1 + 1 + 1.$$

So the number 143 in the new system is ○ □ □ □ △ △ △

Number systems having landmark numbers in which the

(a) first landmark number is 1, and

(b) every next landmark number is obtained by multiplying the current landmark number by some fixed number n is said to be a base-n number system.

The Egyptian number system is a base-10 system, and the number system that we created is a base-5 system. A base-10 number system is also called a decimal number system.



Figure it Out - 3.5


1. Write the following numbers in the above base-5 system using the symbols in Table 2: 15, 50, 137, 293, 651.
2. Is there a number that cannot be represented in our base-5 system above? Why or why not?
3. Compute the landmark numbers of a base-7 system. In general, what are the landmark numbers of a base-n system?

   The landmark numbers of a base-n number system are the powers of n starting from $n^0 = 1, n, n^2, n^3, \ldots$

Abacus that Makes Use of the Decimal System

In around the 11th century, even the people still using the Roman numerals started using a calculating device - the abacus - constructed using a decimal system. It was a board with lines, as shown in the Fig. 3.1. Starting

$5^0 = 1$ $5^1 = 5$ $5^2 = 25$ $5^3 = 125$ $5^4 = 625$ $5^5 = 3125$



اس نئے نظام میں عدد 143 ظاہر کیجیے۔

آیئے گروہ بندی شروع کرتے ہیں، حجم $5^3 = 125$ سے، کیونکہ یہ 143 سے چھوٹا سب سے بڑا اہم عدد ہے۔ ہمیں ملتا ہے:

$$143 = 125 + 5 + 5 + 5 + 1 + 1 + 1$$

پس نئے نظام میں عدد 143 یہ ہے۔ ○□□□△△△

وہ عددی نظام جن کے اہم اعداد میں:

(a) پہلا اہم عدد 1 ہو، اور

(b) ہر اگلا اہم عدد موجودہ اہم عدد کو کسی مقررہ عدد n سے ضرب دے کر حاصل کیا جائے

انہیں بنیاد n کا عددی نظام کہا جاتا ہے۔

مصری عددی نظام بنیاد 10 کا نظام ہے اور ہمارا بنایا ہوا عددی نظام بنیاد 5 کا نظام ہے۔ بنیاد 10 کے عددی نظام کو اعشاری عددی نظام بھی کہتے ہیں۔



حل کیجیے–3.5

1۔ درج ذیل اعداد کو اوپر بیان کردہ بنیاد 5 کے نظام میں جدول 2 کی علامتیں استعمال کر کے لکھیے:

15، 50، 137، 293، 651۔

2۔ کیا کوئی ایسا عدد ہے جو ہمارے بنیاد 5 کے نظام میں ظاہر نہ کیا جا سکے؟ کیوں یا کیوں نہیں؟

3۔ بنیاد 7 کے نظام کے اہم اعداد معلوم کیجیے۔ عام طور پر بنیاد n کے نظام کے اہم اعداد کیا ہوتے ہیں؟

بنیاد n کے عددی نظام کے اہم اعداد n کی وہ قوتیں ہیں جو $n^0 = 1$، n، n^2، n^3، ... سے شروع ہوتی ہیں۔

اعشاری نظام استعمال کرنے والا اباکس

تقریباً 11 ویں صدی میں رومن ہندسے استعمال کرنے والے لوگوں نے بھی اعشاری نظام پر بنا ایک حسابی آلہ — اباکس — استعمال کرنا شروع کیا۔ یہ لکیروں والا ایک تختہ تھا جیسا کہ شکل 3.1 میں دکھایا گیا ہے۔

APSCERT

from the line that stood for 1, each successive line stood for a successive power of 10.




Fig. 3.1 Abacus


Numbers were represented in it as follows: the given number was first grouped into the landmark numbers (powers of 10), in exactly the same way we have been grouping them so far. For each power of 10, as many counters were placed on its line as the number of times it occurred in the grouping. The presence of a counter above a line contributed a value of 5.

For example let us take the number 3426. It can be grouped as

3426 = 1000 + 1000 + 1000 + 100 + 100 + 100 + 100 + 10 + 10+ 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1

This number was represented as shown in Fig. 3.1. Notice how the 6 ones are represented.


To get an idea of how the abacus was used for calculations, let us consider a simple addition problem: 2907 + 43. The two numbers were taken on either side of the vertical partition.



How would you use this to find the sum?

The counters along each line were brought together. What is to be done if the total in a line exceeded 10?

1 کو ظاہر کرنے والی لکیر سے شروع کرتے ہوئے، ہر اگلی لکیر 10 کی اگلی قوت کو ظاہر کرتی تھی۔



اس میں اعداد اس طرح ظاہر کیے جاتے تھے: دیے گئے عدد کو پہلے اہم اعداد (10 کی قوتوں) میں اسی طرح گروہ بندی کی جاتی تھی جیسے ہم ابھی تک کرتے آئے ہیں۔ 10 کی ہر قوت کے لیے اس کی لکیر پر اتنے ہی کاونٹر رکھے جاتے تھے جتنی بار وہ گروہ بندی میں آتی تھی۔ کسی لکیر کے اوپر کاونٹر کی موجودگی 5 کی قدر ظاہر کرتی تھی۔


مثال کے طور پر عدد 3426 لیتے ہیں۔ اسے اس طرح گروہ بندی کی جاسکتی ہے:

3426 = 1000+1000+1000+100+100+100+100+10+10+1+1+1+1+1+1

یہ عدد شکل 3.1 میں دکھائے گئے طریقے سے ظاہر کیا گیا تھا۔ غور کیجیے کہ 6 اکائیاں کیسے ظاہر کی گئی ہیں۔

ابا کس کو حسابات کے لیے کیسے استعمال کیا جاتا تھا اس کا اندازہ لگانے کے لیے آیئے ایک سادہ جمع کا مسئلہ لیتے ہیں:

2907 +43۔ دونوں اعداد عمودی تقسیم کے دونوں طرف رکھے گئے تھے۔



آپ مجموعہ معلوم کرنے کے لیے اسے کیسے استعمال کریں گے؟

ہر لکیر کے کاونٹر اکٹھے کیے گئے۔ اگر کسی لکیر کا کل 10 سے زیادہ ہو جائے تو کیا کرنا ہو گا؟

© NCERT

Hint: In this problem, the 7 ones and the 3 ones together make 10 ones which contributes a counter to the line representing 10s.

III. Shortcomings of the Egyptian System

Despite being a number system that enabled relatively efficient number representations for numbers till a crore (10^7), and relatively easy computations, the Egyptian system had a drawback.

If larger and larger numbers needed to be represented, then there was a need for inventing an unending sequence of symbols for higher and higher powers of 10. Here we see the original challenge of number representation resurfacing in a different form!

The next and the final idea in the history of the evolution of number systems not only solves this problem but also remarkably simplifies number representation and computations!




Figure it Out - 3.6



1. Can there be a number whose representation in Egyptian numerals has one of the symbols occurring 10 or more times? Why not?
2. Create your own number system of base 4, and represent numbers from 1 to 16.
3. Give a simple rule to multiply a given number by 5 in the base-5 system that we created.

3.4. Place Value Representation

I. The Mesopotamian Number System



© NCERT not to be republished

اشارہ : اس مسئلے میں 7 اکائیاں اور 3 اکائیاں مل کر 10 اکائیاں بناتی ہیں جو 10 کی نمائندگی کرنے والی لکیر میں ایک کاونٹر کا اضافہ کرتی ہیں۔

III. مصری نظام کی خامیاں

ایک کروڑ (10^7) تک کے اعداد کی نسبتاً موثر نمائندگی اور نسبتاً آسان حسابات کے قابل ہونے کے باوجود مصری نظام میں ایک خامی تھی۔

اگر بڑے سے بڑے اعداد ظاہر کرنے کی ضرورت ہو تو 10 کی بڑی سے بڑی قوتوں کے لیے علامتوں کی ایک لامتناہی ترتیب ایجاد کرنے کی ضرورت پڑتی۔ یہاں ہم عدد کی نمائندگی کا وہی اصل چیلنج ایک مختلف شکل میں دوبارہ ابھرتا دیکھتے ہیں!

عددی نظاموں کے ارتقاء کی تاریخ میں اگلا اور آخری تصور نہ صرف اس مسئلے کو حل کرتا ہے بلکہ اعداد کی نمائندگی اور حسابات کو بھی قابل ذکر حد تک آسان بنا دیتا ہے!



حل کیجیے– 3.6



1۔ کیا کوئی ایسا عدد ہو سکتا ہے جس کی مصری ہندسوں میں نمائندگی میں کوئی علامت 10 یا اس سے زیادہ بار آئے؟ کیوں نہیں؟

2۔ بنیاد 4 کا اپنا عددی نظام بنائیے اور 1 سے 16 تک اعداد ظاہر کیجیے۔

3۔ بنیاد 5 کے بنائے ہوئے نظام میں کسی دیے گئے عدد کو 5 سے ضرب دینے کا ایک سادہ قاعدہ بتائیے۔

3.4 مقامی قدر کی نمائندگی

I. میسوپوٹیمیا کا عددی نظام



In the beginning, the number system used in ancient Mesopotamia had different symbols for different landmark numbers. In later times, it became a base-60 system, also called the sexagesimal system, with a very efficient number representation.

It has puzzled many why they chose base 60. Different theories exist to explain this, ranging from the connection between 60 and the periods of some important events (like the length of their lunar month which had 30 days, or the time taken for the Sun to complete one revolution around the Earth when Earth is taken to be stationary), the ease of representing fractions (we will not go into this here), their earlier sequence of landmark numbers - 1, 10, 60, 600, 3600, 36000,... - getting reduced to only the powers of 60, and so on.

The influence of the Mesopotamian sexagesimal system, also known as the **Babylonian number system**, can be seen even now in our units of time measurements - 1 hour = 60 minutes and 1 minute = 60 seconds.

This system used the symbol  for 1 and  for 10.

Let us now briefly pause on the study of their number system, and ideate on how one can build an efficient number system using the Mesopotamian features seen so far.

Let us give our own symbols to their landmark numbers -

1	60	$60^2 = 3600$	$60^3 = 216000$	
	1	2	3	.....

Note that we have actually used Indian numerals in creating these symbols. We could have invented our own symbols but for the sake of easy recall and use, we have chosen to take help of the familiar numerals 1, 2, 3, ...

Using and , numbers from 1 to 59 can be represented -

1	2	3	4	5	6	7	8	9
								

APSCERT

ابتداء میں قدیم میسوپوٹیمیا میں استعمال ہونے والے عددی نظام میں مختلف اہم اعداد کے لیے مختلف علامتیں تھیں۔ بعد کے زمانے میں یہ اساس 60 کا نظام بن گیا جسے ساٹھواں نظام بھی کہتے ہیں، اور اس میں اعداد کی نمائندگی انتہائی موثر تھی۔

بہت سے لوگوں کو حیرانی رہی کہ انہوں نے اساس 60 کیوں منتخب کی۔ اس کی وضاحت کے لیے مختلف نظریات موجود ہیں، جن میں 60 اور کچھ اہم واقعات کے ادوار کے درمیان تعلق (جیسے ان کے قمری مہینے کی لمبائی جو 30 دن کی تھی، یا زمین کو ساکن مان کر سورج کو زمین کے گرد ایک چکر مکمل کرنے میں لگنے والا وقت)، کسور ظاہر کرنے میں آسانی (ہم اس میں نہیں جائیں گے)، ان کے اہم اعداد کی پہلے کی ترتیب — 1، 10، 60، 600، 3600، 36000، ... — کا صرف 60 کی قوتوں تک محدود ہو جانا وغیرہ شامل ہیں۔

میسوپوٹیمیا کے ساٹھواں نظام کا اثر، جسے بابیلونین عددی نظام بھی کہتے ہیں، آج بھی ہمارے وقت کی پیمائش کی اکائیوں میں نظر آتا ہے — 1 گھنٹہ = 60 منٹ اور 1 منٹ = 60 سیکنڈ۔

اس نظام میں 1 کے لیے 𒁹 اور 10 کے لیے 𒌋 کی علامت استعمال ہوتی تھی۔

آیئے ابھی ان کے عددی نظام کے مطالعے سے مختصراً رک کر سوچتے ہیں کہ میسوپوٹیمیا کی ابھی تک دیکھی گئی خصوصیات کو استعمال کرتے ہوئے ایک موثر عددی نظام کیسے بنایا جا سکتا ہے۔


آیئے اپنے اہم اعداد کو اپنی علامتیں دیتے ہیں:


1	60	$60^2 = 3600$	$60^3 = 216000$	.....
𒁹	1	2	3	

غور کیجیے کہ ہم نے ان علامتوں کو بنانے میں دراصل ہندوستانی ہندسے استعمال کیے ہیں۔ ہم اپنی علامتیں ایجاد کر سکتے تھے لیکن آسانی سے یاد رکھنے اور استعمال کرنے کے لیے ہم نے مانوس ہندسوں 1، 2، 3، ... کی مدد لینے کا انتخاب کیا۔

𒁹 اور 𒌋 کو استعمال کرتے ہوئے 1 سے 59 تک اعداد ظاہر کیے جا سکتے ہیں:

1	2	3	4	5	6	7	8	9
𒁹	𒁹𒁹	𒁹𒁹𒁹	𒌋𒁹	𒌋𒁹𒁹	𒌋𒁹𒁹𒁹	𒌋𒌋𒁹	𒌋𒌋𒁹𒁹	𒌋𒌋𒁹𒁹𒁹





Reproduction of a Mesopotamian Tablet

Example : Let us represent the number 640 in this system.

Grouping it into landmark numbers, we see that

$$640 = (10) \times 60 + 40.$$

If we use the Egyptian idea, this number would be represented using 10  s, and 40 would be represented using 4 s.

Can we represent this more compactly?

We can simply represent this number as




which can be read as ten 60s and one 40, just as we have written in the equation.

Example: Let us try another number - 7530.


$$7530 = (2) \times 3600 + (5) \times 60 + 30$$

So, its representation would be



APSCERT

10 11 12 20 30 40 50 59





میسوپوٹیمیا کی تختی کی نقل

مثال : آیئے اس نظام میں عدد 640 ظاہر کرتے ہیں۔

اسے اہم اعداد میں گروہ بندی کرنے پر ہم دیکھتے ہیں کہ:

$$640 = (10) \times 60 + 40$$

اگر ہم مصری طریقہ استعمال کریں تو یہ عدد 10 علامتوں سے ظاہر ہو گا اور 40 چار علامتوں سے ظاہر ہو گا۔

کیا ہم اسے زیادہ مختصر طور پر ظاہر کر سکتے ہیں؟

ہم اس عدد کو سادہ طور پر اس طرح ظاہر کر سکتے ہیں




جسے دس 60 اور ایک 40 پڑھا جا سکتا ہے، بالکل ویسے جیسے ہم نے مساوات میں لکھا ہے۔

مثال : آیئے ایک اور عدد آزماتے ہیں — 7530۔

$$7530 = (2) \times 3600 + (5) \times 60 + 30$$

پس اس کی نمائندگی یہ ہو گی:



APSCERT

Note that when a number is grouped into powers of 60 for its representation, no power of 60 can occur 60 or more times. If this happens, then 60 of them can be grouped to form the next power of 60. For example, consider the expression -


$(1) \times 3600 + (70) \times 60 + 2 = (1) \times 60^2 + (60 + 10) \times 60 + 2$

$= (1) \times 60^2 + 60^2 + (10) \times 60 + 2$

$= (2) \times 60^2 + (10) \times 60 + 2$

Therefore, any number can be represented using the numerals from 1 - 59, along with the numerals for landmark numbers.

Now, what if we make the representation even more compact by dropping the symbols for the different powers of 60 altogether?



This is exactly what the Mesopotamians did! In their numeral, the rightmost set of symbols showed the number of 1s, the set of symbols to its left showed the number of 60s, the next showed the number of 3600s and so on. Whenever there was no occurrence of a power of 60, a blank space was given in that position.

It does not seem that the Mesopotamians arrived at this idea in the same way we did. Some scholars suggest that the similarity of symbols given to the landmark numbers 1 and 60 in their earlier number system, and an accidental usage of them, might have made them stumble upon this idea.

غور کیجیے کہ جب کسی عدد کو اس کی نمائندگی کے لیے 60 کی قوتوں میں گروہ بندی کی جاتی ہے تو 60 کی کوئی بھی قوت 60 یا اس سے زیادہ بار نہیں آسکتی۔ اگر ایسا ہو تو ان میں سے 60 کو اگلی قوت 60 بنانے کے لیے گروہ بندی کی جاسکتی ہے۔

مثال کے طور پر یہ عبارت دیکھیے:


$$(1) \times 3600 + (70) \times 60 + 2 = (1) \times 60^2 + (60+10) \times 60 + 2$$

$$= (1) \times 60^2 + 60^2 + (10) \times 60 + 2$$

$$= (2) \times 60^2 + (10) \times 60 + 2$$

اس لیے کوئی بھی عدد 1 سے 59 تک کے ہندسوں کے ساتھ ساتھ اہم اعداد کے ہندسوں کو استعمال کر کے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

اب اگر ہم 60 کی مختلف قوتوں کی علامتوں کو بالکل ہٹا کر نمائندگی کو اور بھی مختصر بنا دیں تو کیا ہوگا؟



میسوپوٹیمیا والوں نے بالکل یہی کیا! ان کے ہندسے میں سب سے دائیں طرف کی علامتوں کا مجموعہ 1 کی تعداد ظاہر کرتا تھا، اس کے بائیں طرف کی علامتوں کا مجموعہ 60 کی تعداد ظاہر کرتا تھا، اگلا مجموعہ 3600 کی تعداد ظاہر کرتا تھا اور اسی طرح آگے۔ جب بھی 60 کی کوئی قوت نہ آتی تو اس جگہ خالی جگہ چھوڑ دی جاتی تھی۔

ایسا نہیں لگتا کہ میسوپوٹیمیا والے اسی طریقے سے اس تصور تک پہنچے جیسے ہم پہنچے۔ کچھ علماء کا خیال ہے کہ ان کے پہلے عددی نظام میں اہم اعداد 1 اور 60 کو دی گئی علامتوں کی مماثلت اور ان کا اتفاقی استعمال انہیں اس تصور تک لے آیا ہوگا۔



Figure it Out - 3.7

1. Represent the following numbers in the Mesopotamian system -
   (i) 63 (ii) 132 (iii) 200 (iv) 60 (v) 3605

Thus, we can see how the Mesopotamian system removes the need for generating an unending sequence of symbols for the landmark numbers by making use of the positions where the symbols are written. Such a number system (having a base) that makes use of the position of each symbol in determining the landmark number that it is associated with is called a **positional number system a place value system.**

This idea of place value marks the highest point in the history of evolution of number systems, and gives a very elegant solution to the problem of representing the unending sequence of numbers using only a finite number of different symbols!

The Mesopotamian system however cannot be considered a fully developed place value system. It has certain defects that lead to confusion while reading a number.

? Look at the representation of 60. What will be the representation for 3,600?

While writing the numerals, the spacing between symbols was not given the way we are giving it here. It was also difficult to maintain a consistent spacing for blanks across different manuscripts written by different people. These created ambiguities. For example, consider the representations of the following numbers -

Numbers	1	60	3600	12	602	36002
Our representation	𒁹	𒁹	𒁹	𒐗𒁹	𒐗𒁹	𒐗𒁹
Mesopotamian representation	𒁹	𒁹	𒁹	𒐗𒁹	𒐗𒁹	𒐗𒁹

APSCERT



حل کیجیے–3.7

1۔ درج ذیل اعداد کو میسوپوٹیمیا کے نظام میں ظاہر کیجیے:

(i) 63 (ii) 132 (iii) 200 (iv) 60 (v) 3605

پس ہم دیکھ سکتے ہیں کہ میسوپوٹیمیا کا نظام علامتیں لکھنے کی جگہوں کو استعمال کر کے اہم اعداد کے لیے لامتناہی علامتیں بنانے کی ضرورت کو ختم کر دیتا ہے۔ **ایسا عددی نظام (جس کی ایک اساس ہو) جو ہر علامت کی جگہ کو اس سے متعلق اہم عدد معلوم کرنے میں استعمال کرتا ہو، مقامی قدر کا نظام** کہلاتا ہے۔

مقامی قدر کا یہ تصور عددی نظاموں کے ارتقاء کی تاریخ کا اعلیٰ ترین مقام ہے اور صرف محدود تعداد میں مختلف علامتیں استعمال کر کے لامتناہی اعداد کی ترتیب ظاہر کرنے کے مسئلے کا ایک انتہائی خوبصورت حل فراہم کرتا ہے!

تاہم میسوپوٹیمیا کے نظام کو مکمل طور پر ترقی یافتہ مقامی قدر کا نظام نہیں کہا جا سکتا۔ اس میں کچھ خامیاں ہیں جو عدد پڑھتے وقت ابہام پیدا کرتی ہیں۔

? 60 کی نمائندگی دیکھیے۔ 3,600 کی نمائندگی کیا ہو گی؟

ہندسے لکھتے وقت علامتوں کے درمیان فاصلہ اس طرح نہیں دیا جاتا تھا جیسے ہم یہاں دے رہے ہیں۔ مختلف لوگوں کے لکھے مختلف مخطوطات میں خالی جگہوں کے لیے یکساں فاصلہ برقرار رکھنا بھی مشکل تھا۔ اس سے ابہام پیدا ہوتے تھے۔

مثال کے طور پر درج ذیل اعداد کی نمائندگی پر غور کیجیے۔ چونکہ یہ معلوم کرنے میں ابہام تھا کہ کون سی علامتیں کس کی ہیں

عدد	1	60	3600	12	602	36002
ہمارا پیش کش	𒁹	𒁹	𒁹	𒌋𒁹	𒌋𒁹	𒌋𒁹
میسوپوٹیمیا والوں کی پیش کش	𒁹	𒁹	𒁹	𒌋𒁹	𒌋𒁹	𒌋𒁹

APSCERT

Because of the ambiguity in finding which symbols correspond to which powers of 60, the same numeral can be read in different ways. Even in our representation which uses uniform spacing between symbols for different powers of 60, it is difficult to know the number of blanks between two sets of symbols, as in the representation of 36002.

To address the issue arising out of blank spaces, the later Mesopotamians used a brilliant idea of assigning a 'placeholder' symbol 𒌋𒌋 to denote a blank space. This is like the 0 (zero) we use in our system. Thus, zero - the symbol that shows nothingness - is indispensable as a placeholder in a place value system in which numbers are written in an unambiguous manner.

Even with the problem arising out of blank spaces solved, other ambiguities still remained in the system. For example, the placeholder symbol was primarily used in the middle of numbers and not at the end; so they would not use it to represent a number like (what we would write as) 3600.

II. The Mayan Number System



In Central America, there flourished a civilisation known as the Mayan civilisation that made great intellectual and cultural progress between the 3rd and 10th centuries CE. Among their intellectual achievements stands their place value system designed independently of those in Asia. They also made use of a placeholder symbol, for the modern-day '0', that looked like a seashell.

60 کی قوتوں سے متعلق علامتوں کی شناخت میں ابہام کی وجہ سے ایک ہی ہندسہ مختلف طریقوں سے پڑھا جا سکتا تھا۔ یہاں تک کہ ہماری نمائندگی میں جو 60 کی مختلف قوتوں کی علامتوں کے درمیان یکساں فاصلہ استعمال کرتی ہے، علامتوں کے دو مجموعوں کے درمیان خالی جگہوں کی تعداد جاننا مشکل ہے، جیسا کہ 36002 کی نمائندگی میں۔


خالی جگہوں سے پیدا ہونے والے مسئلے کو حل کرنے کے لیے بعد کے میسوپوٹیمیا والوں نے خالی جگہ ظاہر کرنے کے لیے ایک 'جگہ نشان' علامت ۲۲ مقرر کرنے کا شاندار خیال استعمال کیا۔ یہ ہمارے نظام میں استعمال ہونے والے 0 (صفر) کی طرح ہے۔ پس صفر — وہ علامت جو کچھ نہ ہونے کو ظاہر کرتی ہے — ایک مقامی قدر کے نظام میں جگہ نشان کے طور پر ناگزیر ہے جس میں اعداد غیر مبہم طریقے سے لکھے جاتے ہیں۔

خالی جگہوں سے پیدا ہونے والے مسئلے کے حل کے بعد بھی نظام میں دیگر ابہام باقی رہے۔ مثال کے طور پر جگہ نشان کی علامت بنیادی طور پر اعداد کے درمیان استعمال ہوتی تھی آخر میں نہیں؛ اس لیے وہ اسے (جسے ہم) 3600 (لکھتے) جیسا عدد ظاہر کرنے کے لیے استعمال نہ کرتے۔

II. مایان کا عددی نظام



وسطی امریکہ میں مایان تہذیب نامی ایک تہذیب پھلی پھولی جس نے تیسری اور دسویں صدی عیسوی کے درمیان عظیم علمی اور ثقافتی ترقی کی۔ ان کی علمی کامیابیوں میں ان کا مقامی قدر کا نظام شامل ہے جو ایشیا کے نظاموں سے آزادانہ طور پر تیار کیا گیا تھا۔ انہوں نے جدید دور کے '0' کے لیے ایک جگہ نشان علامت بھی استعمال کی جو سمندری سیپی جیسی تھی۔



Here we find a puzzling phenomenon. Why was their third landmark number 360 rather than 400? Some scholars feel that this might have something to do with their calendars.


They used a dot for 1, and a bar — for 5. These were used to denote numbers from 1 to 19.

The symbols associated with different landmark numbers were written one below the other with the lowermost set of symbols corresponding to the number of 1s, the set above corresponding to the number of 20s, the set above to the number of 360s and so on.

? Represent the following numbers using the Mayan system:

(i) 77 (ii) 100 (iii) 361 (iv) 721

Because the Mayan system is not an actual base-20 system, it lacks the advantages that a system with a base has for computations. Nevertheless,



یہاں ہمیں ایک حیران کن مظہر ملتا ہے۔ ان کا تیسرا اہم عدد 400 کی بجائے 360 کیوں تھا؟ کچھ علماء کا خیال ہے کہ اس کا تعلق ان کے تقویموں سے ہو سکتا ہے۔

انہوں نے 1 کے لیے نقطہ  اور 5 کے لیے لکیر — استعمال کی۔ یہ 1 سے 19 تک اعداد ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتی تھیں۔

مختلف اہم اعداد سے متعلق علامتیں ایک کے نیچے ایک لکھی جاتی تھیں جس میں سب سے نیچے والا مجموعہ 1 کی تعداد، اس کے اوپر والا مجموعہ 20 کی تعداد، اس کے اوپر والا مجموعہ 360 کی تعداد اور اسی طرح آگے ظاہر کرتا تھا۔

? درج ذیل اعداد کو مایا کے نظام میں ظاہر کیجیے:

(i) 77 (ii) 100 (iii) 361 (iv) 721

چونکہ مایا کا نظام ایک حقیقی بنیاد 20 کا نظام نہیں ہے اس لیے اس میں حسابات کے لیے بنیاد والے نظام کے فوائد کا فقدان ہے۔

بہر حال،

their place value notation and their use of a placeholder symbol for zero is considered an important advance in the history of number systems.


A curious fact is that we can still find the use of base-20 in the number names of some European languages.

III. The Chinese Number System



The Chinese used two number systems - a written system for recording quantities, and a system making use of rods for performing computations. The numerals in the rod-based number system are called **rod numerals**. Here we discuss the rod numerals, which are more efficient in writing and computing with numbers than the written system of the Chinese.

The rod numerals developed in China by at least by 3rd century AD and were used till the 17th century. It was a decimal system (base-10). The symbols for 1 to 9 were as follows :




ان کی مقامی قدر کی اشاریہ نگاری اور صفر کے لیے جگہ نشان کی علامت کا استعمال عددی نظاموں کی تاریخ میں ایک اہم پیش رفت سمجھی جاتی ہے۔

ایک دلچسپ حقیقت یہ ہے کہ ہم ابھی بھی کچھ یورپی زبانوں کے اعداد کے ناموں میں بنیاد 20 کا استعمال پاسکتے ہیں۔

III. چینی عددی نظام






چینیوں نے دو عددی نظام استعمال کیے — مقداروں کو درج کرنے کے لیے ایک لکھا ہوا نظام، اور حسابات انجام دینے کے لیے چھڑیوں پر مبنی ایک نظام۔ چھڑی پر مبنی عددی نظام کے ہندسوں کو چھڑی ہندسے کہتے ہیں۔ یہاں ہم چھڑی ہندسوں پر بحث کریں گے جو اعداد لکھنے اور ان سے حساب کرنے میں چینیوں کے لکھے ہوئے نظام سے زیادہ موثر ہیں۔

چھڑی ہندسے چین میں کم از کم تیسری صدی عیسوی تک ترقی پا چکے تھے اور 17 ویں صدی تک استعمال ہوتے رہے۔ یہ ایک اعشاری نظام (بنیاد 10) تھا۔ 1 سے 9 تک کی علامتیں یہ تھیں:


Like the Mesopotamians, the rod numerals used a blank space to indicate the skipping of a place value. However, because of the slightly more uniform sizes of the symbols for one through nine, the blank spaces were easier to locate than in the Mesopotamian system.

Notice how similar the rod numerals are to the Hindu system. The Chinese system, with a symbol for zero, would be a fully developed place value system.

IV. The Hindu Number System



? Where does the Hindu/Indian number system figure in the evolution of ideas of number representation? What are its landmark numbers? And does it use a place value system?




As can be seen, the Hindu number system is a place value system. The Hindu number system has had a symbol for 0 at least as early as 200 BCE. Because of the use of 0 as a digit, and the use of a single digit in each position, this system does not lead to any kind of ambiguity when reading or writing numerals. It is for this reason that the Hindu number system is now used throughout the world.

The use of 0 as a digit, and indeed as a number, was a breakthrough


میسوپوٹیمیاوالوں کی طرح چھڑی ہندسوں میں مقامی قدر کی جگہ کو چھوڑنے کے لیے خالی جگہ استعمال کی جاتی تھی۔ تاہم 1 سے 9 تک کی علامتوں کے قدرے زیادہ یکساں سائز کی وجہ سے میسوپوٹیمیا کے نظام کے مقابلے میں خالی جگہیں تلاش کرنا آسان تھا۔

غور کیجیے کہ چھڑی ہندسے ہندوستانی نظام سے کتنے ملتے جلتے ہیں۔ صفر کی علامت کے ساتھ چینی نظام ایک مکمل طور پر ترقی یافتہ مقامی قدر کا نظام ہوتا۔

IV. ہندوستانی عددی نظام



اعداد کی نمائندگی کے تصورات کے ارتقاء میں ہندوستانی عددی نظام کا کیا مقام ہے؟ اس کے اہم اعداد کیا ہیں؟ اور کیا یہ مقامی قدر کا نظام استعمال کرتا ہے؟




جیسا کہ دیکھا جا سکتا ہے، ہندوستانی عددی نظام ایک مقامی قدر کا نظام ہے۔ ہندوستانی عددی نظام میں کم از کم 200 قبل مسیح سے 0 کی علامت موجود رہی ہے۔ 0 کو ایک ہندسے کے طور پر استعمال کرنے اور ہر جگہ ایک واحد ہندسہ استعمال کرنے کی وجہ سے یہ نظام ہندسے پڑھتے یا لکھتے وقت کسی قسم کا ابہام پیدا نہیں کرتا۔ اسی وجہ سے ہندوستانی عددی نظام اب پوری دنیا میں استعمال ہوتا ہے۔

0 کو ایک ہندسے اور درحقیقت ایک عدد کے طور پر استعمال کرنا ایک پیش رفت تھی۔

that truly changed the world of mathematics and science. In Indian mathematics, indeed, zero was not just used as a placeholder in the place value system, but was also given the status of a number in its own right, on par with other numbers. The arithmetic properties of the number 0 (e.g., that 0 plus any number is the same number, and that 0 times any number is zero) were explicitly used by Aryabhata in his aryabhatiya in 499 CE to compute with and do elaborate scientific computations using Hindu numerals. The use of 0 as a number like any other number, on which one can perform the basic arithmetic operations, was codified by Brahmagupta in his work Brahmasphutasiddhanta in 628 CE, as we learned in an earlier grade.

By introducing 0 as a number, along with the negative numbers, Brahmagupta created what in modern terms is called a ring, i.e., a set of numbers that is closed under addition, subtraction, and multiplication (i.e., any two numbers in the set can be added, subtracted, or multiplied to get another number in that set). These new ideas laid the foundations for modern mathematics, and particularly for the areas of algebra and analysis.

Hopefully, this gives you a sense of all the ideas that went into writing and computing with numbers in the way that we do today. The discovery of 0 and the resulting Indian number system is truly one of the greatest, most creative, and most influential inventions of all time - appearing constantly in our daily lives and forming the basis of much of modern science, technology, computing, accounting, surveying, and more. The next time you are writing numbers, think about the incredible history behind them and all the deep ideas that went into their discovery!



جس نے واقعی ریاضی اور سائنس کی دنیا کو بدل کر رکھ دیا۔ ہندوستانی ریاضی میں صفر کو صرف مقامی قیمت کے نظام میں ایک خالی جگہ پُر کرنے والی علامت کے طور پر استعمال نہیں کیا گیا، بلکہ اسے دوسرے اعداد کی طرح ایک مستقل عدد کا درجہ بھی دیا گیا۔ عدد 0 کی حسابی خصوصیات (مثلاً کسی بھی عدد میں 0 جمع کرنے سے وہی عدد حاصل ہوتا ہے، اور کسی بھی عدد کو 0 سے ضرب دینے کا حاصل ضرب 0 ہوتا ہے) کو آریہ بھٹیہ نے 499 عیسوی میں اپنی کتاب آریہ بھٹیہ میں واضح طور پر استعمال کیا اور ہندی ہندسوں کے ذریعے پیچیدہ سائنسی حسابات انجام دیے۔

صفر کو دوسرے اعداد کی طرح ایک عدد ماننا، جس پر بنیادی حسابی عملیات کی جا سکیں، برہم گپتا نے 628 عیسوی میں اپنی کتاب برہما سپوتھا سدھانت میں باقاعدہ طور پر بیان کیا، جیسا کہ آپ پچھلی جماعتوں میں پڑھ چکے ہیں۔ صفر اور منفی اعداد کو متعارف کروا کر برہم گپتا نے وہ تصور قائم کیا جسے جدید ریاضی میں **رِنگ** کہا جاتا ہے، یعنی اعداد کا ایسا مجموعہ جو جمع، تفریق اور ضرب کے تحت بند ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس مجموعے کے کسی بھی دو اعداد کو جمع، تفریق یا ضرب دینے سے حاصل ہونے والا عدد بھی اسی مجموعے میں شامل ہو گا۔ ان نئے تصورات نے جدید ریاضی، خصوصاً الجبرا اور تجزیہ کی بنیادیں فراہم کیں۔ امید ہے کہ اس سے آپ کو اندازہ ہوا ہو گا کہ اعداد کو آج جس طریقے سے ہم لکھتے اور استعمال کرتے ہیں، اس کے پیچھے کتنے گہرے تصورات اور عظیم دریافتیں کارفرما ہیں۔

صفر کی دریافت اور اس کے نتیجے میں وجود میں آنے والا **ہندی نظامِ اعداد** انسانی تاریخ کی عظیم ترین، تخلیقی ترین اور مؤثر ترین ایجادات میں سے ایک ہے۔ یہ ہماری روزمرہ زندگی میں ہر وقت استعمال ہوتا ہے اور جدید سائنس، ٹیکنالوجی، کمپیوٹنگ، حساب داری، پیمائش اور بے شمار دیگر شعبوں کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ اگلی بار جب آپ کوئی عدد لکھیں تو اس کے پیچھے موجود حیرت انگیز تاریخ اور ان گہرے خیالات کو ضرور یاد کریں جنہوں نے اس دریافت کو ممکن بنایا۔







Figure it Out - 3.8



1. Why do you think the Chinese alternated between the Zong and Heng symbols? If only the Zong symbols were to be used, how would 41 be represented? Could this numeral be interpreted in any other way if there is no significant space between two successive positions?
2. Where in your daily lives, and in which professions, do the Hindu numerals, and 0, play an important role? How might our lives have been different if our number system and 0 hadn't been invented or conceived of?



3. The ancient Indians likely used base 10 for the Hindu number system because humans have 10 fingers, and so we can use our fingers to count. But what if we had only 8 fingers? How would we be writing numbers then? What would the Hindu numerals look like if we were using base 8 instead? Base 5? Try writing the base-10 Hindu numeral 25 as base-8 and base-5 Hindu numerals, respectively. Can you write it in base-2?



The map shows the locations of the different civilisations.

They existed in different time periods.

© NCERT

حل کیجیے–3.8


ریاضی بحث

1. آپ کے خیال میں چینی لوگوں نے زونگ (Zong) اور ہینگ (Heng) علامات کو باری باری کیوں استعمال کیا؟ اگر صرف زونگ علامات ہی استعمال کی جاتیں تو 41 کو کیسے ظاہر کیا جاتا؟ اگر دو متواتر مقامات کے درمیان واضح فاصلہ نہ ہو تو کیا اس عددی علامت کی کوئی اور تشریح بھی کی جاسکتی ہے؟

2. آپ کی روزمرہ زندگی میں اور کن پیشوں میں ہندی ہندسے اور صفر اہم کردار ادا کرتے ہیں؟ اگر ہمارا نظامِ اعداد اور صفر ایجاد یا تصور نہ کیا گیا ہوتا تو ہماری زندگی کس طرح مختلف ہوتی؟

ریاضی بحث

3. غالباً قدیم ہندوستانیوں نے ہندی نظامِ اعداد کے لیے اساس 10 اس لیے اختیار کیا کیونکہ انسانوں کی دس انگلیاں ہوتی ہیں اور ہم انگلیوں کی مدد سے گنتی کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر ہماری صرف 8 انگلیاں ہوتیں تو ہم اعداد کو کس طرح لکھتے؟ اگر ہم اساس 8 استعمال کر رہے ہوتے تو ہندی ہندسے کیسے نظر آتے؟ اور اگر اساس 5 استعمال کرتے تو کیسے ہوتے؟ کوشش کریں کہ اساس 10 کے عدد 25 کو بالترتیب اساس 8 اور اساس 5 میں لکھیں۔ کیا آپ اسے اساس 2 میں بھی لکھ سکتے ہیں؟



نقشہ مختلف تہذیبوں کے مقامات کو ظاہر کرتا ہے۔

یہ مختلف ادوارِ زمانہ میں موجود تھیں۔

SUMMARY

- To represent numbers, we need a standard sequence of objects, names, or written symbols that have a fixed order. This standard sequence is called a **number system**.
- The symbols representing numbers in a written number system are called **numerals**.
- In a number system, **landmark numbers** are numbers that are easily recognisable and used as reference points for understanding and working with other numbers. They serve as anchors within the number system, helping people to orient themselves and make sense of quantities, particularly larger ones.
- A number system whose landmark numbers are the powers of a number n is referred to as a **base-n number system**.
- Number systems having a base that make use of the position of a symbol in determining the landmark number that it is associated with are called **positional number systems** or **place value systems.**
- Place value representations were used in the Mesopotamian (Babylonian), Mayan, Chinese and Indian civilisations.
- The system of numerals that we use throughout the world today is the **Hindu number system** (also sometimes called the **Indian number system**, or the **Hindu-Arabic number system**). It is a place value system with (usually) 10 digits, including the digit 0 which is treated on par with other digits. Due to its use of 0 as a number, the system enables the writing of all numbers unambiguously using just finitely many symbols, and also enables efficient computation. The system originated in India around 2000 years ago, and then spread across the world, and is considered one of human history's greatest inventions.

APSCERT

خلاصہ

- اعداد کو ظاہر کرنے کے لیے ہمیں اشیا، ناموں یا تحریری علامات کی ایک معیاری ترتیب درکار ہوتی ہے جس کی ایک مقررہ ترتیب ہو۔ اس معیاری ترتیب کو **نظام اعداد** کہا جاتا ہے۔
- تحریری نظامِ اعداد میں اعداد کو ظاہر کرنے والی علامات کو **ہندسے** کہا جاتا ہے۔
- نظامِ اعداد میں **نمایاں اعداد** ایسے اعداد ہوتے ہیں جو آسانی سے پہچانے جاسکتے ہیں اور دوسرے اعداد کو سمجھنے اور ان پر عمل کرنے کے لیے حوالہ جاتی نقطوں کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ یہ نظامِ اعداد میں رہنما کردار ادا کرتے ہیں اور خصوصاً بڑے اعداد کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔
- ایسا نظامِ اعداد جس کے نمایاں اعداد کسی عدد n کی قوتیں ہوں، **اساس n– نظامِ اعداد** کہلاتا ہے۔
- وہ نظامِ اعداد جن میں کسی علامت کی جگہ اس سے وابستہ نمایاں عدد کو متعین کرتی ہے، **مقامی قیمت کے نظام** کہلاتے ہیں۔
- مقامِ قیمت کی نمائندگی میسوپوٹیمیا (بابلی)، مایا، چینی اور ہندوستانی تہذیبوں میں استعمال ہوتی تھی۔
- آج پوری دنیا میں جو نظامِ ہندسہ استعمال ہوتا ہے وہ **ہندی نظامِ اعداد** ہے (جسے بعض اوقات ہندوستانی نظامِ اعداد یا ہندو-عربی نظامِ اعداد بھی کہا جاتا ہے)۔ یہ مقامِ قیمت کا ایک نظام ہے جس میں عموماً 10 ہندسے شامل ہوتے ہیں، جن میں 0 بھی شامل ہے اور اسے دوسرے ہندسوں کے برابر حیثیت دی جاتی ہے۔
- صفر کو بطور عدد استعمال کرنے کی وجہ سے یہ نظام تمام اعداد کو محدود تعداد میں علامات کے ذریعے واضح طور پر لکھنے اور مؤثر حساب کتاب کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔
- یہ نظام تقریباً دو ہزار سال قبل ہندوستان میں وجود میں آیا، پھر دنیا بھر میں پھیل گیا، اور انسانی تاریخ کی عظیم ترین ایجادات میں شمار کیا جاتا ہے۔

4 QUADRILATERALS

Learning outcomes


Learners will be able to

- Define and identify quadrilaterals as four-sided closed figures in daily life (CG-10)
- Classify quadrilaterals (parallelogram, rectangle, square, rhombus, trapezium, kite) (CG-3)
- Understand and apply side, angle, and diagonal properties (including angle sum of 360°) (CG-3)
- Analyse relationships among different types of quadrilaterals (CG-3)
- Draw, classify, and justify quadrilaterals based on given properties (CG-3)
- Solve problems involving missing angles using properties (CG-3)
- Apply quadrilateral concepts in real-life contexts (designs, patterns, architecture) (CG-10)

4.0 Introduction

In this chapter, we will study some interesting types of four-sided figures and solve problems based on them. Such figures are commonly known as quadrilaterals. The word 'quadrilateral' is derived from Latin words - quadri meaning four, and latus referring to sides.

? Observe the following figures.



Figs. (i), (ii), and (iii) are quadrilaterals, and the others are not. Why?

The angles of a quadrilateral are the angles between its sides, as marked in Figs. (i), (ii), and (iii).

4 چار ضلعی

R4Z7P7


اکتسابی نتائج: طلبہ اس قابل بنیں گے

- چار ضلعی کو چار اضلاع والی بند اشکال کے طور پر متعین اور روز مرہ زندگی میں شناخت کر سکیں گے۔ (CG-10)
- چار ضلعی کی اقسام (متوازی الاضلاع، مستطیل، مربع، معین، ذوزنقہ، پتنگ نما شکل) کی درجہ بندی کر سکیں گے۔ (CG-3)
- اضلاع، زاویوں اور قطروں کی خصوصیات (بشمول زاویوں کے مجموعے $360°$) کو سمجھ سکیں گے اور استعمال کر سکیں گے۔ (CG-3)
- مختلف اقسام کے چار ضلعی کے درمیان تعلقات کا تجزیہ کر سکیں گے۔ (CG-3)
- دی گئی خصوصیات کی بنیاد پر چار ضلعی کو بنا سکیں گے، درجہ بندی کر سکیں گے اور اپنی درجہ بندی کی توجیہ پیش کر سکیں گے۔ (CG-3)
- خصوصیات کی مدد سے نامعلوم زاویوں سے متعلق مسائل حل کر سکیں گے۔ (CG-3)
- چار ضلعی کے تصورات کو حقیقی زندگی کے سیاق وسباق (ڈیزائن، نمونے اور تعمیرات) میں استعمال کر سکیں گے۔ (CG-10)

4.0 تعارف

اس باب میں ہم چار اضلاع والی اشکال کی چند دلچسپ اقسام کا مطالعہ کریں گے اور ان پر مبنی مسائل حل کریں گے۔ ایسی اشکال کو عام طور پر چار ضلعی کہا جاتا ہے۔ لفظ چار ضلعی لاطینی الفاظ سے ماخوذ ہے، Quadri کے معنی ہیں چار، Latus کے معنی ہیں اضلاع۔

؟ مندرجہ ذیل اشکال کا مشاہدہ کریں۔



اشکال (i)، (ii) اور (iii) چار ضلعی ہیں، جبکہ باقی اشکال چار ضلعی نہیں ہیں۔ کیوں؟

چار ضلعی کے زاویے وہ زاویے ہوتے ہیں جو اس کے اضلاع کے درمیان بنتے ہیں، جیسا کہ اشکال (i)، (ii) اور (iii) میں نشان زد کیا گیا ہے۔

We will start with the most familiar quadrilaterals - rectangles and squares.

4.1 Rectangles and Squares

We know what rectangles are. Let us define them.

Rectangle: A rectangle is a quadrilateral in which -

(i) The angles are all right angles (90°), and

(ii) The opposite sides are of equal length.

The definition precisely states the conditions a quadrilateral has to satisfy to be called a rectangle.

? Are there other ways to define a rectangle?

Let us consider the following problem related to the construction of rectangles.

A Carpenter's Problem

? A carpenter needs to put together B two thin strips of wood, as shown in Fig. 1, so that when a thread is passed through their endpoints, it forms a rectangle.




Fig. 1

He already has one 8 cm long strip. What should be the length of the other strip? Where should they both be joined?

Let us first model the structure that the carpenter has to make. The strips can be modelled as line segments. They are the diagonals of the quadrilateral formed by their endpoints. For the quadrilateral to be a rectangle, we need to answer the following questions -

? 1. What is the length of the other diagonal?

? 2. What is the point of intersection of the two diagonals?

? 3. What should the angle be between the diagonals?

? Let us answer these questions using geometric reasoning (deduction). If that is challenging, try to construct/ measure some rectangles.




Fig. 2

APSCERT

ہم سب سے پہلے سب سے زیادہ معروف چار ضلعی اشکال یعنی مستطیل اور مربع کا مطالعہ کریں گے۔

4.1 مستطیل اور مربع

ہم مستطیل سے واقف ہیں۔ آیئے اس کی تعریف کرتے ہیں۔

مستطیل : مستطیل ایک چار ضلعی شکل ہے جس میں:

(i) تمام زاویے قائمہ ($90°$) ہوتے ہیں، اور

(ii) بالمقابل اضلاع کی لمبائیاں برابر ہوتی ہیں۔

یہ تعریف واضح طور پر ان شرائط کو بیان کرتی ہے جنہیں پورا کرنے پر کسی چار ضلعی شکل کو مستطیل کہا جاتا ہے۔

کیا مستطیل کی کوئی اور تعریف بھی ہو سکتی ہے؟

آیئے مستطیل کی تعمیر سے متعلق ایک مسئلے پر غور کریں۔

ایک بڑھئی کا مسئلہ

ایک بڑھئی لکڑی کی دو باریک پٹیاں اس طرح جوڑنا چاہتا ہے کہ جب ان کے سروں سے ایک دھاگا گزارا جائے تو ایک مستطیل بن جائے، جیسا کہ شکل 1 میں دکھایا گیا ہے۔




Fig. 1

Property 6: Diagonals of a rhombus intersect each other at an angle of 90°.



Figure it Out - 4.2

1. Find the remaining angles in the following quadrilaterals.



2. Using the diagonal properties, construct a parallelogram whose diagonals are of lengths 7 cm and 5 cm, and intersect at an angle of 140°.
3. Using the diagonal properties, construct a rhombus whose diagonals are of lengths 4 cm and 5 cm.

4.5. Playing with Quadrilaterals

Geoboard Activity

Take a geoboard and some rubber bands. If you do not have these, you could just use the dot grid papers for this activity.



© NCERT not to be republished


چونکہ ان کا مجموعہ $180°$ ہے اس لیے ہر ایک $90°$ ہونا چاہیے۔

خاصیت 6 : معین کے وتر ایک دوسرے کو $90°$ کے زاویے پر کاٹتے ہیں۔



حل کیجیے–4.2

1۔ درج ذیل چار ضلعیوں میں باقی زاویے معلوم کیجیے۔



2۔ وتر کی خصوصیات استعمال کرتے ہوئے ایک ایسا متوازی الاضلاع بنائیے جس کے وتروں کی لمبائیاں 7 سم اور 5 سم ہوں اور وہ $140°$ کے زاویے پر آپس میں ملتے ہوں۔

3۔ وتر کی خصوصیات استعمال کرتے ہوئے ایک ایسا معین بنائیے جس کے وتروں کی لمبائیاں 4 سم اور 5 سم ہوں۔

4.5 چار ضلعیوں کے ساتھ کھیلنا


جیو بورڈ سرگرمی




ایک جیو بورڈ اور کچھ ربر بینڈ لیجیے۔ اگر یہ دستیاب نہ ہوں تو اس سرگرمی کے لیے نقطہ دار جالی والے کاغذ بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

APSCERT

Place two rubber bands perpendicular to each other, forming diagonals of equal length. Join the ends.




? What is the quadrilateral that you get? Justify your answer.
Extend one of the diagonals on both sides by 2 cm.




? What quadrilateral will you get now? Justify your answer.

Joining Triangles


1. Take two cardboard cutouts of an equilateral triangle of sidelength 8 cm.



? Can you join them to get a quadrilateral?




دوربر بینڈ ایک دوسرے پر عمود در کھیے تا کہ برابر لمبائی کے وتر بنیں۔ سروں کو ملائیے۔



آپ کو کون سا چار ضلعی ملتا ہے؟ اپنا جواب درست ثابت کیجیے۔


ایک وتر کو دونوں طرف سے 2 سمر بڑھائیے۔




اب آپ کو کون سا چار ضلعی ملے گا؟ اپنا جواب درست ثابت کیجیے۔

مثلث کو جوڑنا

1۔ 8 سمر ضلع والے مساوی الاضلاع مثلث کے گتے کے دو ٹکڑے لیجیے۔






کیا آپ انہیں جوڑ کر چار ضلعی بنا سکتے ہیں؟

APSCERT


? What type of a quadrilateral is this? Justify your answer.

2. Take two cardboard cutouts of an isosceles triangle with sidelengths 8 cm, 8 cm, and 6 cm.




? What are the different ways they can be joined to get a quadrilateral?

Joining them in this way you get





Joining them in this way you get



? What quadrilaterals are these? Justify your answers.

3. Take two cardboard cutouts of a scalene triangle with sides 6 cm, 9 cm, and 12 cm.





? What are the different ways they can be joined to get a quadrilateral?

? Are you able to identify the different quadrilaterals that are obtained by joining the triangles? Justify your answer whenever you identify a quadrilateral.


4.6. Kite and Trapezium

Kite

One of the ways the two triangles of sides 6 cm, 9 cm and 12 cm can be joined together is as follows -


یہ کس قسم کا چار ضلعی ہے؟ اپنے جواب کو ثابت کیجیے۔

2۔ 8 سمر، 8 سمر اور 6 سمر اضلاع والے مساوی الساقین مثلث کے گتے کے دو ٹکڑے لیجیے۔




انہیں چار ضلعی بنانے کے لیے کتنے مختلف طریقوں سے جوڑا جا سکتا ہے؟

اس طرح جوڑنے پر آپ کو حاصل ہوتا ہے




اس طرح جوڑنے پر آپ کو حاصل ہوتا ہے



یہ کون سے چار ضلعی ہیں؟ اپنے جوابات کو ثابت کیجیے۔

3۔ 6 سمر، 9 سمر اور 12 سمر اضلاع والے مختلف الاضلاع مثلث کے گتے کے دو ٹکڑے لیجیے۔




انہیں چار ضلعی بنانے کے لیے کتنے مختلف طریقوں سے جوڑا جا سکتا ہے؟

کیا آپ مثلثوں کو جوڑنے سے حاصل ہونے والے مختلف چار ضلعوں کی شناخت کر پا رہے ہیں؟ جب بھی کوئی چار ضلعی شناخت کریں تو اپنے جواب کو ثابت کیجیے۔

4.6 پتنگ اور منحرف


پتنگ

6 سمر، 9 سمر اور 12 سمر اضلاع والے دو مثلثوں کو جوڑنے کا ایک طریقہ یہ ہے:



This quadrilateral looks like a kite. Observe that the adjacent sides are of the same length.

Kite: A kite is a quadrilateral that can be labelled ABCD such that AB = BC, and CD = DA.




? **Property 1:** In the kite, show that the diagonal BD

(i) bisects $\angle$ABC and $\angle$ADC,

(ii) bisects the diagonal AC, that is, AO = OC, and is perpendicular to it.

Hint: Is $\triangle AOB \cong \triangle COB$?

Trapezium



Parallelograms are quadrilaterals that have parallel opposite sides. We get a new type of quadrilateral if we relax this condition. **Trapezium:** A trapezium is a quadrilateral with at least one pair of parallel opposite sides.

? Construct a trapezium. Measure the base angles (marked in the figure).

? Can you find the remaining angles without measuring them?


Since PQ || SR, we have

Property 1: $\angle S + \angle P = 180^\circ$ and $\angle R + \angle Q = 180^\circ$.


Using these facts, the remaining angles can easily be found. Verify your answer after finding them.

When the non-parallel sides of a trapezium have the same lengths, the trapezium is called an **isosceles trapezium**.

APSCERT



یہ چار ضلعی پتنگ جیسا لگتا ہے۔ غور کیجیے کہ متصلہ اضلاع ایک جیسی لمبائی کے ہیں۔



پتنگ : پتنگ وہ چار ضلعی ہے جسے ABCD اس طرح نشان کیا جاسکے کہ


$AB = BC$ اور $CD = DA$ ۔

خاصیت 1 : پتنگ میں ثابت کیجیے کہ وتر BD:

(i) $\angle ABC$ اور $\angle ADC$ کو نصف کرتا ہے۔

(ii) وتر AC کو نصف کرتا ہے، یعنی $AO = OC$ ، اور اس پر عمود ہے۔

اشارہ: کیا $\triangle AOB \cong \triangle COB$ ہے؟



منحرف

متوازی الاضلاع وہ چار ضلعی ہیں جن کے مخالف اضلاع متوازی ہوتے ہیں۔

اگر ہم اس شرط میں نرمی لائیں تو ہمیں ایک نئی قسم کا چار ضلعی ملتا ہے۔

منحرف : منحرف وہ چار ضلعی ہے جس کے مخالف اضلاع کا کم از کم ایک جوڑا متوازی ہو۔

ایک منحرف بنائیے۔ بنیادی زاویے (شکل میں نشان شدہ) ناپیے۔

کیا آپ باقی زاویے ناپے بغیر معلوم کرسکتے ہیں؟

چونکہ $PQ \| SR$ ہے، ہمارے پاس یہ ہے کہ

خاصیت 1: $\angle S + \angle P = 180°$ اور $\angle R + \angle Q = 180°$ ۔


ان حقائق کو استعمال کرتے ہوئے باقی زاویے آسانی سے معلوم کیے جاسکتے ہیں۔ انہیں معلوم کرنے کے بعد اپنا جواب تصدیق کیجیے۔

جب منحرف کے غیر متوازی اضلاع ایک جیسی لمبائی کے ہوں تو منحرف کو **مساوی الساقین منحرف** کہتے ہیں۔

APSCERT

How do we construct an isosceles trapezium?

Construct an isosceles trapezium UVWX, with UV||XW. Measure $\angle U$.



Can you find the remaining angles without measuring them?

Does it appear that the angles opposite to the equal sides - $\angle U$ and $\angle V$ - are also equal? Can we find congruent triangles here? Consider line segments XY and WZ perpendicular to UV.


What type of quadrilateral is XWZY?

Since XW||UV,

a = 180° - $\angle XYZ$ = 90°, and

b = 180° - $\angle WZY$ = 90° (since the internal angles on the same side of a transversal add up to 180°)

Hence, XWZY is a rectangle.



Now, it can be shown that $\Delta UXY \cong \Delta VWZ$. (How?)

Thus, $\angle U = \angle V$.

Using this fact, the remaining angles of the isosceles trapezium can be determined. Verify the angles by measurement.

Property 2: In an isosceles trapezium, the angles opposite to the equal sides are equal.




Figure it Out - 4.3

1. Find all the sides and the angles of the quadrilateral obtained by joining two equilateral triangles with sides 4 cm.
2. Construct a kite whose diagonals are of lengths 6 cm and 8 cm.

APSCERT

مساوی الساقین منحرف کیسے بنایا جاتا ہے؟


مساوی الساقین منحرف UVWX بنایئے جس میں UV‖XW ہو۔ ∠U ناپیے۔



X اور W اس طرح نشان کیجیے کہ UX = VW ہو۔

کیا آپ باقی زاویے ناپے بغیر معلوم کر سکتے ہیں؟

کیا ایسا لگتا ہے کہ مساوی اضلاع کے مخالف زاویے — ∠U اور ∠V — بھی مساوی ہیں؟ کیا ہم یہاں مطابق مثلث تلاش کر سکتے ہیں؟ UV پر عمود لکیری حصوں XY اور WZ پر غور کیجیے۔



XWZY کس قسم کا چار ضلعی ہے؟

چونکہ XW‖UV ہے: $a = 180° - \angle XYZ = 90°$، اور

$b = 180° - \angle WZY = 90°$

(کیونکہ قاطع کے ایک ہی طرف اندرونی زاویوں کا مجموعہ $180°$ ہوتا ہے)

پس XWZY ایک مستطیل ہے۔

اب یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ $\triangle UXY \cong \triangle VWZ$ (کیسے؟)

پس $\angle U = \angle V$۔

اس حقیقت کو استعمال کرتے ہوئے مساوی الساقین منحرف کے باقی زاویے معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ پیمائش سے زاویوں کی تصدیق کیجیے۔

خاصیت 2 : مساوی الساقین منحرف میں مساوی اضلاع کے مخالف زاویے مساوی ہوتے ہیں۔




حل کیجیے–4.3


1۔ 4 سم اضلاع والے دو مساوی الاضلاع مثلثوں کو جوڑ کر حاصل ہونے والے چار ضلعی کے تمام اضلاع اور زاویے معلوم کیجیے۔

2۔ ایک ایسی پتنگ بنایئے جس کے قطروں کی لمبائیاں 6 سم اور 8 سم ہوں۔


3. Find the remaining angles in the following trapeziums -




4. Draw a Venn diagram showing the set of parallelograms, kites, rhombuses, rectangles, and squares. Then, answer the following questions -
   (i) What is the quadrilateral that is both a kite and a parallelogram?
   (ii) Can there be a quadrilateral that is both a kite and a rectangle?
   (iii) Is every kite a rhombus? If not, what is the correct relationship between these two types of quadrilaterals?
5. If PAIR and RODS are two rectangles, find $\angle$IOD.



6. Construct a square with diagonal 6 cm without using a protractor.
7. CASE is a square. The points U, V, W and X are the midpoints of the sides of the square. What type of quadrilateral is UVWX? Find this by using geometric reasoning, as well as by construction and measurement. Find other ways of constructing a square within a square such that the vertices of the inner square lie on the sides of the outer square, as shown in Figure (b).




(a)


(b)

APSCERT

3۔ درج ذیل منحرفوں میں باقی زاویے معلوم کیجیے۔




4۔ متوازی الاضلاع، پتنگ، معین، مستطیل اور مربع کے مجموعوں کو ظاہر کرنے والا وین خاکہ بنائیے۔ پھر درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:

(i) وہ کون سا چار ضلعی ہے جو پتنگ بھی ہو اور متوازی الاضلاع بھی؟

(ii) کیا کوئی ایسا چار ضلعی ہو سکتا ہے جو پتنگ بھی ہو اور مستطیل بھی؟


(iii) کیا ہر پتنگ معین ہوتی ہے؟ اگر نہیں تو ان دونوں قسم کے چار ضلعوں کے درمیان درست تعلق کیا ہے؟

5۔ اگر PAIR اور RODS دو مستطیل ہیں تو ∠IOD معلوم کیجیے۔




6۔ پیمانہ زاویہ کے بغیر 6 سم وتر والا مربع بنائیے۔

7۔ CASE ایک مربع ہے۔ نقاط U، V، W اور X مربع کے اضلاع کے وسطی نقاط ہیں۔ UVWX کس قسم کا چار ضلعی ہے؟ اسے ہندسی استدلال کے ساتھ ساتھ تعمیر اور پیمائش سے بھی معلوم کیجیے۔ مربع کے اندر مربع بنانے کے دوسرے طریقے تلاش کیجیے جس میں اندرونی مربع کی راسیں بیرونی مربع کے اضلاع پر ہوں، جیسا کہ شکل (b) میں دکھایا گیا ہے۔



(a)


(b)


8. If a quadrilateral has four equal sides and one angle of 90°, will it be a square? Find the answer using geometric reasoning as well as by construction and measurement.

9. What type of a quadrilateral is one in which the opposite sides are equal? Justify your answer.

Hint: Draw a diagonal and check for congruent triangles.

10. Will the sum of the angles in a quadrilateral such as the following one also be 360°? Find the answer using geometric reasoning as well as by constructing this figure and measuring.

Try This



11. State whether the following statements are true or false. Justify your answers.

(i) A quadrilateral whose diagonals are equal and bisect each other must be a square.

(ii) A quadrilateral having three right angles must be a rectangle.

(iii) A quadrilateral whose diagonals bisect each other must be a parallelogram.

(iv) A quadrilateral whose diagonals are perpendicular to each other must be a rhombus.

(v) A quadrilateral in which the opposite angles are equal must be a parallelogram.

(vi) A quadrilateral in which all the angles are equal is a rectangle.

(vii) Isosceles trapeziums are parallelograms.

AP SCERT


8. اگر کسی چار ضلعی کے چاروں اضلاع مساوی ہوں اور ایک زاویہ $90°$ ہو تو کیا وہ مربع ہو گا؟ اس کا جواب ہندسی استدلال کے ذریعے بھی تلاش کریں اور تعمیر اور پیمائش کے ذریعے بھی۔

9. وہ چار ضلعی کس قسم کا ہو گا جس میں مخالف اضلاع مساوی ہوں؟ اپنے جواب کی توجیہ کریں۔

اشارہ: ایک وتر کھینچیں اور متماثل مثلثات کی جانچ کریں۔

یہ بھی کیجیے

10. کیا ایسے چار ضلعی میں بھی زاویوں کا مجموعہ $360°$ ہو گا جیسا کہ درج ذیل شکل میں ہے؟ اس کا جواب ہندسی استدلال کے ذریعے بھی تلاش کریں اور اس شکل کی تعمیر کر کے پیمائش کے ذریعے بھی تصدیق کریں۔



11. درج ذیل بیانات کے بارے میں بتائیں کہ یہ درست ہیں یا غلط۔ اپنے جواب کی وضاحت کریں۔

(i) وہ چار ضلعی جس کے وتر مساوی ہوں اور ایک دوسرے کو نصف کریں، لازماً مربع ہو گا۔

(ii) جس چار ضلعی میں تین زاویے قائمہ ہوں، وہ مستطیل ہو گا۔

(iii) وہ چار ضلعی جس کے وتر ایک دوسرے کو نصف کریں، متوازی الاضلاع ہو گا۔

(iv) وہ چار ضلعی جس کے وتر ایک دوسرے پر عمود ہوں، معین ہو گا۔

(v) وہ چار ضلعی جس میں مخالف زاویے مساوی ہوں، متوازی الاضلاع ہو گا۔

(vi) وہ چار ضلعی جس کے تمام زاویے مساوی ہوں، مستطیل ہو گا۔

(vii) مساوی الساقین منحرف متوازی الاضلاع ہوتے ہیں۔

APSCERT

SUMMARY

- A rectangle is a quadrilateral in which the angles are all 90°.

  Properties of a rectangle -

  • Opposite sides of a rectangle are equal.

  • Opposite sides of a rectangle are parallel to each other.

  • Diagonals of a rectangle are of equal length and they bisect each other.

- A square is a quadrilateral in which all the angles are 90°, and all the sides are of equal length.

  Properties of a square -

  • The opposite sides of a square are parallel to each other.

  • The diagonals of a square are of equal lengths and they bisect each other at 90°.

  • The diagonals of a square bisect the angles of the square.

- **A parallelogram** is a quadrilateral in which opposite sides are parallel.

  Properties of a parallelogram -

  • The opposite sides of a parallelogram are equal.

  • In a parallelogram, the adjacent angles add up to 180°, and the opposite angles are equal.

  • The diagonals of a parallelogram bisect each other.

- A **rhombus** is a quadrilateral in which all the sides have the same length.

  Properties of a rhombus -

  • The opposite sides of a rhombus are parallel to each other.

  • In a rhombus, the adjacent angles add up to 180°, and the opposite angles are equal.

  • The diagonals of a rhombus bisect each other at right angles.

  • The diagonals of a rhombus bisect its angles.

APSCERT

خلاصہ

ایک مستطیل (Rectangle) وہ چار ضلعی ہے جس کے تمام زاویے $90°$ ہوتے ہیں۔

مستطیل کی خصوصیات:

- مستطیل کے مخالف اضلاع مساوی ہوتے ہیں۔
- مستطیل کے مخالف اضلاع ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں۔
- مستطیل کے وتر مساوی لمبائی کے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کو تنصیف کرتے ہیں۔

ایک مربع (Square) وہ چار ضلعی ہے جس کے تمام زاویے $90°$ ہوتے ہیں اور تمام اضلاع مساوی لمبائی کے ہوتے ہیں۔

مربع کی خصوصیات:

- مربع کے مخالف اضلاع ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں۔
- مربع کے وتر مساوی لمبائی کے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کو $90°$ پر تنصیف کرتے ہیں۔
- مربع کے وتر اس کے زاویوں کو تنصیف کرتے ہیں۔

ایک متوازی الاضلاع (Parallelogram) وہ چار ضلعی ہے جس کے مخالف اضلاع متوازی ہوتے ہیں۔

متوازی الاضلاع کی خصوصیات:

- متوازی الاضلاع کے مخالف اضلاع مساوی ہوتے ہیں۔
- متوازی الاضلاع میں متصلہ زاویوں کا مجموعہ $180°$ ہوتا ہے اور مخالف زاویے مساوی ہوتے ہیں۔
- متوازی الاضلاع کے وتر ایک دوسرے کو تنصیف کرتے ہیں۔


ایک معین (Rhombus) وہ چار ضلعی ہے جس کے تمام اضلاع مساوی لمبائی کے ہوتے ہیں۔

معین کی خصوصیات:


- معین کے مخالف اضلاع ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں۔
- معین میں متصلہ زاویوں کا مجموعہ $180°$ ہوتا ہے اور مخالف زاویے مساوی ہوتے ہیں۔
- معین کے وتر ایک دوسرے کو قائمہ زاویہ $(90°)$ پر تنصیف کرتے ہیں۔
- معین کے وتر اس کے زاویوں کو تنصیف کرتے ہیں۔

APSCERT

- A **kite** is a quadrilateral with two non-overlapping adjacent pairs of sides having the same length.
- A **trapezium** is a quadrilateral having at least one pair of parallel opposite sides.
- The sum of the angle measures in a quadrilateral is 360°.




How many squares?






- ایک پتنگ نما شکل (Kite) وہ چار ضلعی ہے جس میں دو غیر متداخل متصلہ اضلاع کی دو جوڑیاں ایسی ہوں جن کی لمبائیاں مساوی ہوں۔
- منحرف (Trapezium) وہ چار ضلعی ہے جس میں مخالف اضلاع کا کم از کم ایک جوڑا متوازی ہو۔
- کسی بھی چار ضلعی کے زاویوں کا مجموعہ $360°$ ہوتا ہے۔



کتنے مربع؟






IT'S PUZZLE TIME!

Which Quad ?


Gameplay

1. Fold a sheet into half.







2. Now, fold it once more into a quarter.



3. Make a triangular crease at the corner that is at the middle of the paper.




4. Open the sheet. What is the shape formed by the creases?



5. How would you fold the quarter paper to get the kinds of creases shown in the following image.

6. How would you fold the quarter paper such that a square is formed?







کھیلنے کا طریقہ

1. ایک کاغذ کی شیٹ کو آدھا فولڈ کریں۔







2. اب اسے دوبارہ فولڈ کر کے چوتھائی حصہ بنائیں۔



3. کاغذ کے اس کونے پر ایک **مثلثی** کریز بنائیں جو کاغذ کے درمیان میں ہو۔



4. شیٹ کو کھولیں۔ کریز سے کون سی شکل بنتی ہے؟



5. چوتھائی کاغذ کو اس طرح کیسے فولڈ کریں کہ نیچے دی گئی تصویر میں دکھائی گئی کریز بن جائیں؟

6. چوتھائی کاغذ کو اس طرح کیسے فولڈ کریں کہ ایک مربع (square) بن جائے؟




5 NUMBER PLAY

Learning outcomes : Learners will be able to

- Understand properties of numbers (even, odd) and their behaviour under operations (CG-6)
- Recognise and describe patterns related to divisibility and remainders (CG-1)
- Represent numbers using variables and general algebraic expressions (CG-2)
- Apply logical, inductive, and deductive reasoning to analyse statements and solve problems (CG-6)
- Explore relationships among factors, multiples, and divisibility rules to develop number sense (CG-1)
- Communicate mathematical ideas clearly using symbols and expressions (CG-6)
- Engage confidently and creatively in number-based activities and puzzles (CG-7)

Q7E1X2

5.0 Introduction - Number Play



Dheeraj and Dhatri are playing a number game. Dheeraj chooses a number that is even, divisible by 5, and leaves a remainder of 2 when divided by 3. Dhatri tries to guess the number by thinking about the properties of numbers and the patterns they follow. Instead of checking every number one by one, she represents the situation using symbols and simple expressions to narrow down the possibilities.

5 اعداد کے ساتھ کھیل

H8B8B8

اکتسابی نتائج: طلبہ اس قابل بنیں گے

- اعداد کی خصوصیات (جفت، طاق) اور مختلف اعمال کے تحت ان کے رویّے کو سمجھ سکیں گے۔(CG-6)
- تقسیم پذیری اور باقی سے متعلق نمونوں کو پہچان سکیں اور ان کی وضاحت کر سکیں گے۔(CG-1)
- اعداد کو متغیرات اور عمومی الجبری عبارات کی مدد سے ظاہر کر سکیں گے۔(CG-2)
- منطقی، استقرائی اور استخراجی استدلال کا استعمال کرتے ہوئے بیانات کا تجزیہ اور مسائل حل کر سکیں گے۔(CG-6)
- اجزائے ضربی، اضعاف اور تقسیم پذیری کے قواعد کے باہمی تعلقات کو دریافت کر کے عددی فہم پیدا کر سکیں گے۔(CG-1)
- ریاضیاتی خیالات کو علامات اور الجبری عبارات کی مدد سے واضح انداز میں بیان کر سکیں گے۔(CG-6)
- اعداد سے متعلق سرگرمیوں اور پہیلیوں میں اعتماد اور تخلیقی انداز سے حصہ لے سکیں گے۔(CG-7)

5.0 تعارف- اعداد کے ساتھ کھیل



دھیرج اور دھاتری ایک عددی کھیل کھیل رہے ہیں۔ دھیرج ایک ایسا عدد منتخب کرتا ہے جو جفت ہو، 5 سے قابل تقسیم ہو، اور 3 سے تقسیم کرنے پر باقی 2 دے۔ دھاتری اعداد کی خصوصیات اور ان کے نمونوں کے بارے میں سوچ کر اس عدد کا اندازہ لگانے کی کوشش کرتی ہے۔ ہر عدد کو ایک ایک کر کے جانچنے کے بجائے، وہ اس صورتِ حال کو علامات اور سادہ الجبری عبارات کی مدد سے ظاہر کرتی ہے تاکہ ممکنہ اعداد کی تعداد کم کی جا سکے۔

This kind of thinking shows how numbers follow certain rules and patterns. In everyday life, we often use such reasoning while arranging objects, sharing items equally, or solving puzzles. Some numbers behave in predictable ways when added, multiplied, or divided, and these behaviours can be explained using general forms and algebraic expressions.

In this chapter, Number Play, we explore interesting patterns in numbers, study divisibility and remainders, and use variables to describe general rules. We learn to decide whether certain statements are always true, sometimes true, or never true, and justify our answers logically. Through puzzles and playful activities, this chapter helps develop number sense, logical reasoning, and algebraic thinking, making mathematics both meaningful and enjoyable.

5.1. Is This a Multiple Of?

Sum of Consecutive Numbers

Aravind is exploring sums of consecutive numbers. He has written the following -

$7 = 3 + 4$
$10 = 1 + 2 + 3 + 4$
$12 = 3 + 4 + 5$
$15 = 7 + 8$
$= 4 + 5 + 6$
$= 1 + 2 + 3 + 4 + 5$

Now, he is wondering -

- "Can I write every natural number as a sum of consecutive numbers?"
- "Which numbers can I write as the sum of consecutive numbers in more than one way?"
- "Ohh, I know all odd numbers can be written as a sum of two consecutive numbers. Can we write all even numbers as a sum of consecutive numbers?"
- "Can I write 0 as a sum of consecutive numbers? Maybe I should use negative numbers."



? Explore these questions and any others that may occur to you. Discuss them with the class.

? Take any 4 consecutive numbers. For example, 3, 4, 5, and 6. Place '+' and '-' signs in between the numbers. How many different possibilities exist? Write all of them.

$3 + 4 - 5 + 6$

$3 - 4 - 5 - 6$

APSCERT

اس طرح کی سوچ ظاہر کرتی ہے کہ اعداد کچھ مخصوص قواعد اور نمونوں کی پیروی کرتے ہیں۔ روزمرہ زندگی میں بھی ہم اشیاء کو ترتیب دیتے وقت، چیزوں کو برابر برابر تقسیم کرتے وقت یا پہیلیاں حل کرتے وقت اسی قسم کے استدلال کا استعمال کرتے ہیں۔ کچھ اعداد جمع، ضرب یا تقسیم کے دوران قابلِ پیش گوئی انداز میں برتاؤ کرتے ہیں، اور ان رویّوں کو عمومی صورتوں اور الجبری عبارات کی مدد سے بیان کیا جاسکتا ہے۔

اس باب "**اعداد کا کھیل**" میں ہم اعداد کے دلچسپ نمونوں کا مطالعہ کریں گے، تقسیم پذیری اور باقیات کو سمجھیں گے، اور عمومی قواعد کو بیان کرنے کے لیے متغیرات کا استعمال کریں گے۔ ہم یہ بھی سیکھیں گے کہ کون سے بیانات ہمیشہ درست، کبھی کبھی درست، یا کبھی بھی درست نہیں ہوتے اور اپنے جوابات کو منطقی دلائل کے ساتھ ثابت کریں گے۔ پہیلیوں اور دلچسپ سرگرمیوں کے ذریعے یہ باب عددی فہم، منطقی استدلال اور الجبری سوچ کو فروغ دیتا ہے اور ریاضی کو زیادہ بامعنی اور لطف اندوز بناتا ہے۔

5.1۔ کیا یہ اس کا ضعف ہے؟

متواتر اعداد کا مجموعہ

```
7  = 3 + 4
10 = 1 + 2 + 3 + 4
12 = 3 + 4 + 5
15 = 7 + 8
   = 4 + 5 + 6
   = 1 + 2 + 3 + 4 + 5
```

اروند متواتر اعداد کے مجموعوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ اس نے درج ذیل لکھا:

اب وہ سوچ رہا ہے:

"کیا میں ہر طبعی عدد کو متواتر اعداد کے مجموعے کی صورت میں لکھ سکتا ہوں؟"

"کن اعداد کو میں متواتر اعداد کے مجموعے کی صورت میں ایک سے زیادہ طریقوں سے لکھ سکتا ہوں؟"

"اوہ! میں جانتا ہوں کہ تمام طاق اعداد کو دو متواتر اعداد کے مجموعے کی صورت میں لکھا جاسکتا ہے۔ کیا تمام جفت اعداد کو بھی متواتر اعداد کے مجموعے کی صورت میں لکھا جاسکتا ہے؟"


"کیا میں 0 کو متواتر اعداد کے مجموعے کی صورت میں لکھ سکتا ہوں؟ شاید مجھے منفی اعداد استعمال کرنی چاہیے۔"



- ان سوالات اور آپ کے ذہن میں آنے والے دیگر سوالات پر غور کریں۔
  ان پر اپنی جماعت کے ساتھ گفتگو کریں۔
- کسی بھی 4 متواتر اعداد کو لیں۔ مثال کے طور پر: 3، 4، 5 اور 6۔ ان اعداد کے درمیان '+' اور '−' کی علامات لگائیں۔
  کتنی مختلف صورتیں ممکن ہیں؟ ان تمام صورتوں کو لکھیں۔

```
3 + 4 - 5 + 6
3 - 4 - 5 -6
```

Eight such expressions are possible. You can use the diagram below to systematically list all the possibilities.



? Evaluate each expression and write the result next to it. Do you notice anything interesting?

? Now, take four other consecutive numbers. Place the '+' and '-' signs as you have done before. Find out the results of each expression. What do you observe?

? Repeat this for one more set of 4 consecutive numbers. Share your findings.



3 + 4 − 5 + 6 = 8 3 − 4 − 5 − 6 = −12 . . .	5 + 6 − 7 + 8 = 12 5 − 6 − 7 − 8 = −16 . . .	__ + __ − __ + __ = __ __ − __ − __ − __ = __ . . .

Some sums appear always no matter which 4 consecutive numbers are chosen. Isn't that interesting?


? Do these patterns occur no matter which 4 consecutive numbers are chosen? Is there a way to find out through reasoning?

Hint: Use algebra and describe the 8 expressions in a general form.

You might have noticed that the results of all expressions are even numbers. Even numbers have a factor of 2. Negative numbers having a factor 2 are also even numbers, for example, - 2, - 4, - 6, and so on. Check if anyone in your class got an odd number.

APSCERT

ایسی آٹھ عبارات ممکن ہیں۔ تمام ممکنہ صورتوں کو منظم انداز میں لکھنے کے لیے آپ نیچے دیا گیا خاکہ استعمال کر سکتے ہیں۔



ہر عبارت کی قیمت معلوم کریں اور اس کے سامنے نتیجہ لکھیں۔ کیا آپ کو کوئی دلچسپ بات نظر آتی ہے؟

اب چار دیگر مسلسل اعداد لیں۔ ان کے درمیان '+' اور '−' کی علامات اسی طرح لگائیں جیسے پہلے لگائی تھیں۔

ہر عبارت کا نتیجہ معلوم کریں۔ آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟



اسی عمل کو چار مسلسل اعداد کے ایک اور مجموعے کے لیے دہرائیں۔ اپنے مشاہدات اور نتائج جماعت کے ساتھ تبادلہ خیال کریں۔

3 + 4 − 5 + 6 = 8	5 + 6 − 7 + 8 = 12	__ + __ − __ + __ = __
3 − 4 − 5 − 6 = −12	5 − 6 − 7 − 8 = −16	__ − __ − __ − __ = __
.	.	.
.	.	.
.	.	.

کچھ مجموعے ایسے ہیں جو ہمیشہ ظاہر ہوتے ہیں، چاہے کوئی بھی 4 مسلسل اعداد منتخب کیے جائیں۔ کیا یہ دلچسپ نہیں؟

کیا یہ نمونے ہر بار ظاہر ہوتے ہیں، چاہے کوئی بھی 4 مسلسل اعداد منتخب کیے جائیں؟ کیا استدلال کے ذریعے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

اشارہ: الجبرا کا استعمال کریں اور ان 8 عبارات کو عمومی صورت میں بیان کریں۔

آپ نے شاید مشاہدہ کیا ہوگا کہ تمام عبارات کے نتائج **جفت اعداد** ہوتے ہیں۔ جفت اعداد، 2 کے ضریب ہوتے ہیں۔ منفی اعداد جو 2 کے ضریب ہوں، وہ بھی جفت اعداد کہلاتے ہیں، مثلاً: −2، −4، −6 وغیرہ۔ دیکھیں کہ کیا آپ کی جماعت میں کسی کو کوئی طاق عدد حاصل ہوا ہے؟

APSCERT

When 4 consecutive numbers are chosen, no matter how the '+' and '-' signs are placed between them, the resulting expressions always have even parity.

Now take any 4 numbers, place '+' and '-' signs in the eight different ways, and evaluate the resulting expression. What do you observe about their parities?



Repeat this with other sets of 4 numbers.

? Is there a way to explain why this happens?

Hint: Think of the rules for parity of the sum or difference of two numbers.

Explanation 1: Let us consider any of the 8 expressions formed by four numbers a, b, c, and d. When one of its signs is switched, its value always increases or decreases by an even number! Let us see why.

Consider one of the expressions: a + b - c - d.

Replacing +b by - b, we get

a - b - c - d.

By how much has the number changed? It has changed by

(a + b - c - d) - (a - b - c - d)

= a + b - c - d - a + b + c + d (notice how the signs changed when we opened the second set of brackets)

= 2b (this is an even number).

If the difference between two numbers is even, can they have different parities? No! So either both are even or both are odd.

Now, let us see what happens when a negative sign is switched to a positive sign.

? Replace any negative sign in the expression a + b - c - d with a positive sign and find the difference between the two numbers.

? What do you conclude from this observation?

Starting from any expression, we can get 7 expressions by switching one or more '+' and '-' signs. Thus, all the expressions have the same parity!

Explanation 2: We know that

odd ± odd = even

even ± even = even

odd ± even = odd.

APSCERT

جب 4 مسلسل اعداد منتخب کیے جائیں تو '+' اور '—' کی علامات کسی بھی ترتیب سے لگائی جائیں،
حاصل ہونے والی تمام عبارات کی Parity ہمیشہ جفت ہوتی ہے۔



اب کوئی بھی 4 اعداد لیں، ان کے درمیان '+' اور '—' کی علامات آٹھ مختلف طریقوں سے لگائیں اور حاصل ہونے والی عبارات کی قیمت معلوم کریں۔ ان کی parity کے بارے میں آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟ اسی عمل کو 4 اعداد کے دوسرے مجموعوں کے ساتھ بھی دہرائیں۔

کیا اس بات کی وضاحت کی جاسکتی ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

اشارہ: دو اعداد کے مجموعے یا فرق کی زوجیت کے قواعد پر غور کریں۔

وضاحت 1: فرض کریں a، b، c اور d چار اعداد ہیں اور ان سے بننے والی 8 عبارات میں سے ایک عبارت یہ ہے:

$$a + b - c - d$$

اگر $+b$ کو $-b$ سے بدل دیں تو عبارت بن جائے گی: $a - b - c - d$

عدد میں کتنی تبدیلی آئی؟ تبدیلی $= (a + b - c - d) - (a - b - c - d)$

$= a + b - c - d - a + b + c + d$ (دوسری قوس کھولتے وقت علامات تبدیل ہوگی)

$= 2b$ (اور $2b$ ہمیشہ جفت عدد ہوتا ہے۔)

اگر دو اعداد کا فرق جفت ہو تو کیا ان کی زوجیت مختلف ہو سکتی ہے؟ نہیں! اس صورت میں دونوں یا تو جفت ہوں گے یا دونوں طاق ہوں گے۔

اب دیکھتے ہیں کہ جب منفی علامت کو مثبت علامت سے بدلا جائے تو کیا ہوتا ہے۔

عبارت $a + b - c - d$ میں کسی بھی منفی علامت کو مثبت علامت سے بدلیں اور دونوں عبارات کا فرق معلوم کریں۔

اس مشاہدے سے آپ کیا نتیجہ اخذ کرتے ہیں؟

کسی بھی ایک عبارت سے شروع کرتے ہوئے '+' اور '—' کی ایک یا زیادہ علامات بدل کر باقی 7 عبارات حاصل کی جاسکتی ہیں۔
لہٰذا تمام عبارات کی parity ایک ہی ہوگی۔

وضاحت 2: ہم جانتے ہیں کہ:

طاق ± طاق = جفت


جفت ± جفت = جفت

طاق ± جفت = طاق

We have seen that the parity of a + b and a - b is the same, regardless of the parities of a and b.

In short, a ± b have the same parity. By the same argument, a ± b + c and a ± b - c have the same parity. Extending this further, we can say that all the expressions a ± b ± c ± d have the same parity.

Explanation 3 : This can also be explained using the positive and negative token model you studied in the chapter on Integers. Try to think how.



The number of ways to choose any 4 numbers a, b, c, d and combine them using a '+' and '-' signs is infinite. Mathematical reasoning allows us to prove that all the combinations a ± b ± c ± d always have the same parity, without having to go through them one by one.



Several problems in mathematics can be thought about and solved in different ways. While the method you came up with may be dear to you, it can be amusing and enriching to know how others thought about it. Two tidbits: 'share' and 'listen'.

? Is the phenomenon of all the expressions having the same parity limited to taking 4 numbers? What do you think?



'What if ...?', 'Will it always happen?'- Wondering and posing questions and conjectures is as much a part of mathematics as problem solving.

Breaking Even

We know how to identify even numbers. Without computing them, find out which of the following arithmetic expressions are even.

43 + 37	672 – 348	4 × 347 × 3	708 – 477
809 + 214	119 × 303	543 – 479	513^3

? Using our understanding of how parity behaves under different operations, identify which of the following algebraic expressions give an even number for any integer values for the letter-numbers.


$2a + 2b$	$3g + 5h$	$4m + 2n$	$2u - 4v$	
$13k - 5k$	$6m - 3n$	$x^2 + 2$	$b^2 + 1$	$4k \times 3j$

ہم نے دیکھا ہے کہ a + b اور a − b کی Parity ایک ہی ہوتی ہے، چاہے a اور b کی Parity کچھ بھی ہو۔

مختصراً، a ± b کی Parity ایک جیسی ہوتی ہے۔ اسی استدلال کی بنیاد پر، a ± b + c اور a ± b − c کی Parity بھی ایک جیسی ہو گی۔

اس خیال کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ a ± b ± c ± d کی تمام عبارات کی Parity ایک ہی ہوتی ہے۔

وضاحت 3: اس بات کی وضاحت مثبت اور منفی ٹوکن کے نمونے کی مدد سے بھی کی جاسکتی ہے، جس کا مطالعہ آپ نے صحیح اعداد کے باب میں کیا تھا۔ سوچیے کہ یہ وضاحت کیسے کی جاسکتی ہے۔



کسی بھی چار اعداد a، b، c اور d کو منتخب کر کے انہیں '+' اور '−' کی علامات کے ساتھ جوڑنے کے طریقوں کی تعداد لامحدود ہے۔ ریاضیاتی استدلال ہمیں یہ ثابت کرنے کی اجازت دیتا ہے کہ a ± b ± c ± d کی تمام ممکنہ عبارات ہمیشہ ایک ہی Parity رکھتی ہیں، بغیر اس کے کہ ہم ہر ایک کو الگ الگ جانچیں۔



ریاضی کے بہت سے مسائل ایسے ہوتے ہیں جن کے بارے میں مختلف انداز سے سوچا جاسکتا ہے اور انہیں مختلف طریقوں سے حل کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ آپ کا اپنا طریقۂ حل آپ کو بہت پسند ہو سکتا ہے، لیکن یہ جاننا بھی دلچسپ اور علم افزا ہوتا ہے کہ دوسروں نے اس مسئلے کے بارے میں کیسے سوچا اور اسے کس طرح حل کیا۔ دو اہم باتیں یاد رکھیں: اپنے خیالات دوسروں کو بتائیں۔ دوسروں کے خیالات غور سے سنیں۔

کیا تمام عبارات کی ایک ہی Parity ہونے کا یہ مظہر صرف 4 اعداد تک محدود ہے؟ آپ کا کیا خیال ہے؟



"اگر ایسا ہو تو کیا ہو گا؟"، "کیا یہ ہمیشہ ایسا ہی ہو گا؟" اس قسم کے سوالات اٹھانا، غور و فکر کرنا اور قیاسات قائم کرنا ریاضی کا اتنا ہی اہم حصہ ہے جتنا مسائل کو حل کرنا۔

جفت کی تحلیل

ہم جانتے ہیں کہ جفت اعداد کو کیسے پہچانا جاتا ہے۔ حساب کیے بغیر معلوم کریں کہ درج ذیل حسابی عبارات میں سے کون سی جفت ہیں۔

$43 + 37$	$672 - 348$	$4 \times 347 \times 3$	$708 - 477$
$809 + 214$	119×303	$543 - 479$	513^3

مختلف اعمال کے تحت Parity کے رویّے کے بارے میں اپنی سمجھ کو استعمال کرتے ہوئے معلوم کریں کہ درج ذیل جبری عبارات میں سے کون سی عبارات حرفی اعداد کی کسی بھی صحیح عددی قیمت کے لیے ہمیشہ جفت عدد دیتی ہیں۔

$2a + 2b$	$3g + 5h$	$4m + 2n$	$2u - 4v$
$13k - 5k$	$6m - 3n$	$x^2 + 2$	$b^2 + 1$	$4k \times 3j$

The expression 4m + 2q will always evaluate to an even number for any integer values of m and q. We can justify this in two different ways -

- We know 4m is even and 2q is even for any integers m and q. Therefore, their sum will also be even.
- The expression 4m + 2q is equal to the expression 2(2m + q). Here, the expression 2(2m + q) means 2 times 2m + q. In other words, 2 is a factor of this expression. Therefore, this expression will always give an even number for any integers m and q.

  For example, if m = 4 and q = - 9, the expression 4m + 2q becomes $4 \times 4 + 2 \times (-9) = -2$, which is an even number.

In the expression $x^2 + 2$, x^2 is even if x is even, and x^2 is odd if x is odd. Therefore, the expression $x^2 + 2$ will not always give an even number. An example and a non-example for when the expression evaluates to an even number - (i) if x = 6, then $x^2 + 2 = 38$, and (ii) if x = 3, then $x^2 + 2 = 11$.


? Similarly, determine and explain which of the other expressions always give even numbers. Write a couple of examples and non-examples, as appropriate, for each expression.

? Write a few algebraic expressions which always give an even number.


Pairs to Make Fours

? Take a pair of even numbers. Add them. Is the sum divisible by 4? Try this with different pairs of even numbers. When is the sum a multiple of 4, and when is it not? Is there a general rule or a pattern?

Even numbers can be of two types based on the remainders they leave when divided by 4.



Even numbers that are multiples of 4 leave a remainder of 0 when divided by 4.



Even numbers that are not multiples of 4 leave a remainder 2 when divided by 4.

APSCERT

عبارت $4m + 2q$، m اور q کی کسی بھی صحیح عددی قیمت کے لیے ہمیشہ ایک جفت عدد دے گی۔ اس کی وضاحت دو مختلف طریقوں سے کی جاسکتی ہے:

ہم جانتے ہیں کہ m اور q کی کسی بھی صحیح عددی قیمت کے لیے $4m$ جفت اور $2q$ جفت ہوتا ہے۔ لہٰذا ان کا مجموعہ بھی جفت ہوگا۔

عبارت $4m + 2q$ کو $2(2m + q)$ کی صورت میں بھی لکھا جاسکتا ہے۔ یہاں $2(2m + q)$ کا مطلب $(2m + q)$ کا دوگنا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، 2 اس عبارت کا ایک اضعاف ہے۔ لہٰذا m اور q کی کسی بھی صحیح عددی قیمت کے لیے یہ عبارت ہمیشہ جفت عدد دے گی۔ مثال کے طور پر، اگر $m = 4$ اور $q = -9$ ہوں تو، $4m + 2q$ ہوگا $4 \times 4 + 2 \times (-9) = -2$ ایک جفت عدد ہے۔

عبارت $x^2 + 2$ میں x^2 جفت ہوگا اگر x جفت ہو، اور x^2 طاق ہوگا اگر x طاق ہو۔ لہٰذا عبارت $x^2 + 2$ ہمیشہ جفت عدد نہیں دے گی۔ مثال اور غیر مثال- (i) اگر $x = 6$ ہو، تو $x^2 + 2 = 38$ جو جفت عدد ہے۔


(ii) اگر $x = 3$ ہو، تو $x^2 + 2 = 11$ جو طاق عدد ہے۔

- اسی طرح باقی عبارات کے بارے میں بھی معلوم کریں اور وضاحت کریں کہ کون سی عبارات ہمیشہ جفت عدد دیتی ہیں۔
- ہر عبارت کے لیے مناسب مثالیں اور غیر مثالیں لکھیں۔ ایسی چند جبری عبارات بھی لکھیں جو ہمیشہ جفت عدد دیتی ہوں۔


جوڑیاں بنا کر چار حاصل کریں

- دو جفت اعداد منتخب کریں اور انہیں جمع کریں۔ کیا ان کا مجموعہ 4 سے قابلِ تقسیم ہے؟

مختلف جفت اعداد کی جوڑیوں کے ساتھ یہ عمل دہرائیں۔ کن صورتوں میں مجموعہ 4 کا اضعاف بنتا ہے اور کن صورتوں میں نہیں؟ کیا اس میں کوئی عمومی قاعدہ یا نمونہ موجود ہے؟ جفت اعداد کو 4 سے تقسیم کرنے پر حاصل ہونے والی باقیات کی بنیاد پر دو اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔



وہ جفت اعداد جو 4 کے اضعاف ہوتے ہیں،
4 سے تقسیم کرنے پر باقی 0 دیتے ہیں۔






وہ جفت اعداد جو 4 کے اضعاف نہیں ہوتے،
4 سے تقسیم کرنے پر باقی 2 دیتے ہیں۔

When will two even numbers add up to give a multiple of 4?

This problem is similar to the question of identifying when adding two numbers will result in an even number. Can you see this?

There are three cases to examine:



Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
Adding two (even) numbers that are multiples of 4 will always give a multiple of 4	4p and 4q. 4p + 4q = 4 (p + q).	 	4, 12, 16, 24, 36. 12 + 16 = 4 (3 + 4) = 28. 16 + 28 = 4 (4 + 7) = 44.
Adding two even numbers that are not multiples of 4 will always give a multiple of 4 because their remainders of 2 add up to 4.	(4p + 2) and (4q + 2). (4p + 2) + (4q + 2) = 4p + 4q + 4 = 4 (p + q + 1).		2, 6, 10, 18, 22, 42. 2 + 6 = 8. 6 + 10 = 16. 22 + 6 = 28.

What happens when we add a multiple of 4 to an even number that is not a multiple of 4? Is it similar to the case of the parity of the sum of an even and an odd number?

Look at the following expressions and the visualisation. Write the corresponding explanation and examples.

دو جفت اعداد کو جمع کرنے پر حاصل جمع کب 4 کا اضعاف بنتا ہے؟


یہ مسئلہ اس سوال سے ملتا جلتا ہے کہ دو اعداد کو جمع کرنے پر حاصل جمع کب جفت عدد بنتا ہے۔ کیا آپ اس مماثلت کو دیکھ سکتے ہیں؟ اس کے لیے تین صورتوں کا جائزہ لینا ہو گا:

مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
4, 12, 16, 24, 36. 12 + 16 = 4 (3 + 4) = 28. 16 + 28 = 4 (4 + 7) = 44.		4p اور 4q. 4p + 4q = 4 (p + q).	4 کے دو اضعاف (جفت اعداد) کو جمع کرنے سے ہمیشہ 4 کا ایک اضعاف حاصل ہوتا ہے۔
2, 6, 10, 18, 22, 42. 2 + 6 = 8. 6 + 10 = 16. 22 + 6 = 28.		(4p + 2) اور (4q + 2). (4p + 2) + (4q + 2) = 4p + 4q + 4 = 4 (p + q + 1).	دو ایسے جفت اعداد جو 4 کے اضعاف نہیں ہوتے، انہیں جمع کرنے سے ہمیشہ 4 کا ایک اضعاف حاصل ہوتا ہے، کیونکہ ان کے باقیات 2 اور 2 مل کر 4 بن جاتے ہیں۔

جب ہم 4 کے **ایک اضعاف** کو ایسے **جفت عدد** میں جمع کرتے ہیں جو 4 کا **اضعاف نہیں ہوتا**، تو کیا ہوتا ہے؟

کیا یہ صورت اس بات سے مشابہ ہے کہ **ایک جفت اور ایک طاق عدد** کو جمع کرنے پر کیا حاصل ہوتا ہے؟

نیچے دی گئی عبارات اور بصری نمائندگی کا مشاہدہ کریں۔ ان کے مطابق وضاحت اور مثالیں لکھیں۔

Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
	4p and (4q + 2) = 4p + (4q + 2) = 4p + 4q + 2 = 4 (p + q) + 2.		


Notice how we are able to generalise and prove properties of arithmetic using algebra and also using visualisation.


Always, Sometimes, or Never

We examine different statements about factors and multiples and determine whether a statement is 'Always True', 'Sometimes True', or 'Never True'.

We know that the sum of any two multiples of 2 is also a multiple of 2.

1. If 8 exactly divides two numbers separately, it must exactly divide their sum.

Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
The two numbers have 8 as a factor; in other words, the two numbers are multiples of 8.	8a and 8b.		8 and 16. 16 and 56. 80 and 120.
As multiples of 8 are obtained by repeatedly adding 8, the sum of two multiples of 8 will also be a multiple of 8.	8a + 8b = 8 (a + b).		8 + 16 = 8 (1 + 2) = 24. 16 + 56 = 72. 80 + 120 = 200.


مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
		4p اور (4q + 2) = 4p + (4q + 2) = 4p + 4q + 2 = 4 (p + q) + 2.	

دیکھیں کہ ہم الجبرا اور بصری نمائندگی کی مدد سے حسابی خصوصیات کو کس طرح عمومی صورت میں بیان کرتے ہیں اور ثابت کرتے ہیں۔

ہمیشہ، کبھی کبھی، یا کبھی نہیں

ہم اجزائے ضربی اور اضعاف سے متعلق مختلف بیانات کا جائزہ لیتے ہیں اور یہ طے کرتے ہیں کہ کوئی بیان، ہمیشہ درست ہے، کبھی کبھی درست ہے، یا کبھی درست نہیں ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ 2 کے کسی بھی دو ضرائب کا مجموعہ بھی 2 کا ضریب ہوتا ہے۔


1۔ اگر 8 دو اعداد کو الگ الگ پورا تقسیم کرتا ہو، تو وہ ان کے مجموعے کو بھی پورا تقسیم کرے گا۔

مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
8 اور 16. 16 اور 56. 80 اور 120.		8a اور 8b.	ان دونوں اعداد میں 8 ایک جزوِ ضربی ہے، دوسرے الفاظ میں، یہ دونوں اعداد 8 کے اضعاف ہیں۔
8 + 16 = 8(1+ 2) = 24. 16 + 56 = 72. 80 + 120 = 200.		8a + 8b = 8 (a + b).	چونکہ 8 کے اضعاف، 8 کو بار بار جمع کرنے سے حاصل ہوتے ہیں، اس لیے 8 کے دو اضعاف کا مجموعہ بھی 8 کا ایک ضعف ہوگا۔

Statement 1 is always true. Determine if it is true with subtraction.


In general, **if a divides M and a divides N, then a divides M + N and a divides M - N. In other words, if M and N are multiples of a, then M + N and**

2. If a number is divisible by 8, then 8 also divides any two numbers (separately) that add up to the number.

Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
A number divisible by 8 is a multiple of 8.	8m		8, 16, 56, 72
A number divisible by 8 can be expressed as a sum of two multiples of 8 or sum of two non-multiples of 8.	8m = 8a + 8b 8m = p + q (p, q not multiples of 8)		72 = 48 + 24 (8 × 9 = 8×6 + 8×3). 72 = 50 + 22

So, Statement 2 is sometimes true.


3. If a number is divisible by 7, then all multiples of that number will be divisible by 7.

Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
Number dvisible by 7 will have 7 as a factor.	7j		14 = 7 × 2 (j = 2) 42 = 7 × 6 (j = 6) 98 = 7 × 14 (j = 14)
This contains a total of mj rows. So this is also a multiple of 7.	(7j) × m		Some multiples of 14: 28 = (7 × 2) × 2. 70 = (7 × 2) × 5. 154 = (7 × 2) × 11.

The number 7jm or (7 × j × m) has a factor of 7. We can see that statement 3 is always true.


بیان 1 ہمیشہ درست ہے۔ معلوم کریں کہ کیا یہ بات تفریق (منفی کرنے) کی صورت میں بھی درست ہے۔ عمومی طور پر، اگر a، M کو پورا تقسیم کرتا ہو اور a، N کو پورا تقسیم کرتا ہو، تو a، (M + N) کو بھی پورا تقسیم کرے گا اور a، (M – N) کو بھی پورا تقسیم کرے گا۔ دوسرے الفاظ میں، اگر M اور N، a کے **اضعاف** ہوں، تو M + N اور M – N بھی a کے **اضعاف** ہوں گے۔

2۔ اگر کوئی عدد 8 سے قابلِ تقسیم ہو، تو کیا 8 ان دو اعداد کو بھی (الگ الگ) پورا تقسیم کرے گا جن کا مجموعہ اس عدد کے برابر ہو؟

مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
8, 16, 56, 72		8m	جو عدد 8 سے قابلِ تقسیم ہو، وہ 8 کا ایک ضعف ہوتا ہے۔
72 = 48 + 24 (8 × 9 = 8×6 + 8×3). 72 = 50 + 22		8m = 8a + 8b 8m = p + q (p, q 8 کے اضعاف نہیں)	دو ایسے اعداد کے مجموعے کی صورت میں لکھا جا سکتا ہے جو دونوں 8 کے اضعاف ہوں، یا 8 کے اضعاف نہ ہوں۔

لہٰذا بیان 2 کبھی کبھی درست ہے۔


3۔ اگر کوئی عدد 7 سے قابلِ تقسیم ہو، تو اس عدد کے تمام اضعاف بھی 7 سے قابلِ تقسیم ہوں گے۔

مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
14 = 7 × 2 (j = 2) 42 = 7 × 6 (j = 6) 98 = 7 × 14 (j = 14)		7j	جو عدد 7 سے قابلِ تقسیم ہو، اس میں 7 ایک جزضربی ہو گا۔
14 کے چند اضعاف: 28 = (7 × 2) × 2. 70 = (7 × 2) × 5. 154 = (7 × 2) × 11.		(7j) × m	اس میں کل mj صفیں ہوں گی، لہٰذا یہ بھی 7 کا ایک ضعف ہو گا۔

عدد 7jm یا (7 × j × m) میں 7 ایک جزضربی ہے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ بیان 3 ہمیشہ درست ہے۔



In general, **if A is divisible by k, then all multiples of A are divisible by k.**

4. If a number is divisible by 12, then the number is also divisible by all the factors of 12.

Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
A number divisible by 12 is a multiple of 12.	12m		12, 24, 36, 48, 108, 132.
Factors of multiples of 12 will include factors of 12.	12m = 2 × 6 × m = 3 × 4 × m	 A factor of 12 covers a row fully. Hence, it covers all multiples of 12 fully.	Factors of 24 : 1, 2, 3, 4, 6, 8, 12, 24.

In general, **if A is divisible by k, then all multiples of A are divisible by k.** Hence statement 4 is always true.


5. If a number is divisible by 7, then it is also divisible by any multiple of 7.

Explanation with Algebra and Visualisation			Examples
Numbers divisible by 7 are multiples of 7.	7k		
Multiples of 7. 7k will be divisible by 7m if and only if m is a factor of k.	7m If k = ym then 7k ÷ 7m = 7ym ÷ 7m = y		42 (7 × 6) is divisible by 7 but it is not divisible by 28 (7 × 4). 42 (7 × 6) is divisible by 7 and it is divisible

We can see that this statement is only sometimes true.



عمومی طور پر، اگر A، k سے قابلِ تقسیم ہو، تو A کے تمام اضعاف بھی k سے قابلِ تقسیم ہوں گے۔

4۔ اگر کوئی عدد 12 سے قابلِ تقسیم ہو، تو کیا وہ عدد 12 کے تمام اجزائے ضربی سے بھی قابلِ تقسیم ہو گا؟

مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
12, 24, 36, 48, 108, 132.		12m	جو عدد 12 سے قابلِ تقسیم ہو، وہ 12 کا ایک ضعف ہوتا ہے۔
24 کے اضعاف :1, 2, 3, 4, 6, 8, 12, 24.	 12 کا ایک جزوِ ضربی ایک پوری صف کو مکمل طور پر احاطہ کر لیتا ہے۔ لہٰذا وہ 12 کے تمام اضعاف کو بھی مکمل طور پر احاطہ کر لے گا۔	12 m = 2 × 6 × m = 3 × 4 × m	12 کے اضعاف کے اجزائے ضربی میں، 12 کے تمام اجزائے ضربی بھی شامل ہوں گے۔

عمومی طور پر، اگر A، k سے قابلِ تقسیم ہو، تو A کے تمام اضعاف بھی k سے قابلِ تقسیم ہوں گے۔ لہٰذا بیان 4 ہمیشہ درست ہے۔

5۔ اگر کوئی عدد 7 سے قابلِ تقسیم ہو، تو کیا وہ 7 کے ہر ضعف سے بھی قابلِ تقسیم ہو گا؟

مثالیں	الجبرا اور بصری نمائندگی کے ساتھ وضاحت		
		7k	7 سے قابلِ تقسیم اعداد، 7 کے اضعاف ہوتے ہیں۔
$7,42 = (7 \times 6)$ سے قابلِ تقسیم ہے لیکن $28 = (4 \times 7)$ سے قابلِ تقسیم نہیں ہے۔ $7,42 = (7 \times 6)$ سے قابلِ تقسیم ہے اور یہ قابلِ تقسیم ہے		7m If k = ym تب 7k ÷ 7m = 7ym ÷ 7m = y	7 کے اضعاف۔ عدد 7k، 7m سے اسی وقت قابلِ تقسیم ہو گا جب m، k کا ایک جزوِ ضربی ہو۔

لہٰذا بیان 5 کبھی کبھی درست ہے۔

Examine each of the following statements, and determine whether it is 'Always true', 'Sometimes true', Never true'.

6. If a number is divisible by both 9 and 4, it must be divisible by 36.

7. If a number is divisible by both 6 and 4, it must be divisible by 24.

In general, if A is divisible by k and A is also divisible by m, then A is divisible by the LCM of k and m. This is because A is a multiple of k and also a multiple of m, so A's prime factorisation should contain the prime factorisation of LCM (k, m).



8. When you add an odd number to an even number we get a multiple of 6.

We know that multiples of 6 are all even numbers.

The sum of an odd number and an even number will be an odd number. Therefore, this statement is never true. We can also explain this algebraically. Suppose,


$$(2n) + (2m + 1) = 6j,$$

where 2n is an even number, 2m + 1 is an odd number, and 6j is a multiple of 6. Then

$$2n + 2m = 6j - 1$$

$$2 (n + m) = 6j - 1$$

which means 2(n + m), which is an even number, should be equal to 6j - 1, which is an odd number. This is never true.





What Remains?

Find a number that has a remainder of 3 when divided by 5. Write more such numbers.

Which algebraic expression(s) capture all such numbers?

(i) 3k + 5 (ii) 3k - 5 (iii) $\frac{3k}{5}$ (iv) 5k + 3 (v) 5k - 2 (vi) 5k - 3

APSCERT

درج ذیل بیانات کا جائزہ لیں اور طے کریں کہ یہ "ہمیشہ درست"، "کبھی کبھی درست" یا "کبھی درست نہیں" ہیں۔


6۔ اگر کوئی عدد 9 اور 4 دونوں سے قابلِ تقسیم ہو، تو کیا وہ لازماً 36 سے بھی قابلِ تقسیم ہو گا؟

7۔ اگر کوئی عدد 6 اور 4 دونوں سے قابلِ تقسیم ہو، تو کیا وہ لازماً 24 سے بھی قابلِ تقسیم ہو گا؟



عمومی طور پر، اگر A، k سے قابلِ تقسیم ہو اور A، m سے بھی قابلِ تقسیم ہو، تو A، k اور m کے ذواضعاف اقل مشترک (ذ-ا-م) سے بھی قابلِ تقسیم ہو گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ A، k کا بھی ضعف ہے اور m کا بھی ضعف ہے، لہٰذا A کے امفرد اجزائے ضربی میں ذ-ا-م (k, m) کے تمام اولی عوامل شامل ہوں گے۔

8۔ جب ہم ایک طاق عدد اور ایک جفت عدد کو جمع کرتے ہیں تو حاصل جمع 6 کا ایک ضعف بنتا ہے۔



ہم جانتے ہیں کہ 6 کے تمام اضعاف جفت اعداد ہوتے ہیں۔

جبکہ ایک طاق عدد اور ایک جفت عدد کا مجموعہ ہمیشہ طاق عدد ہوتا ہے۔

لہٰذا یہ بیان **کبھی درست نہیں** ہے۔ ہم اس کی وضاحت الجبرا کی مدد سے بھی کر سکتے ہیں۔ فرض کریں، $(2n) + (2m + 1) = 6j$



جہاں: $2n$ ایک جفت عدد ہے۔ $2m + 1$ ایک طاق عدد ہے۔

اور $6j$، 6 کا ایک ضعف ہے۔ تب،

$$2n + 2m = 6j - 1$$

$$2(n + m) = 6j - 1$$

اس کا مطلب یہ ہے کہ: $2(n + m)$، جو ایک جفت عدد ہے،

$6j - 1$ کے برابر ہو، جو ایک طاق عدد ہے۔ یہ کبھی ممکن نہیں۔


کیا باقی رہتا ہے؟

ایسا کوئی عدد معلوم کریں جسے 5 سے تقسیم کرنے پر باقی 3 آئے۔ ایسے مزید اعداد بھی لکھیں۔

کون سی جبری عبارت (یا عبارات) ایسے تمام اعداد کو ظاہر کرتی ہے؟

$3k + 5$(i) $3k - 5$(ii) $\frac{3k}{5}$(iii) $5k + 3$(iv) $5k - 2$(v) $5k - 3$(vi)

The numbers that leave a remainder of 0 when divided by 5 are the multiples of 5. But we want numbers that leave a remainder of 3 when divided by 5. These numbers are 3 more than multiples of 5. Multiples of 5 are of the form 5k. So, numbers that leave a remainder of 3 when divided by 5 are those of the form 5k + 3



k =	0	1	2	3	4
$5k + 3$ =	3	8	13	18	23

? Let us consider another expression, 5k - 2, and see the values it takes for different values of k.

Numbers that leave a remainder of 3 when divided by 5 can also be seen as 2 less than multiples of 5; 5k - 2, where k $\geq$ 1.

k =	1	2	3	4	5
$5k - 2$ =	3	8	13	18	23


? Are there other expressions that generate numbers that are 3 more than a multiple of 5?



Figure it Out - 5.1

1. The sum of four consecutive numbers is 34. What are these numbers?
2. Suppose p is the greatest of five consecutive numbers. Describe the other four numbers in terms of p.
3. For each statement below, determine whether it is always true, sometimes true, or never true. Explain your answer. Mention examples and non-examples as appropriate. Justify your claim using algebra.
   (i) The sum of two even numbers is a multiple of 3.
   (ii) If a number is not divisible by 18, then it is also not divisible by 9.
   (iii) If two numbers are not divisible by 6, then their sum is not divisible by 6.

وہ اعداد جو 5 سے تقسیم کرنے پر باقی 0 چھوڑتے ہیں، وہ 5 کے اضعاف کہلاتے ہیں۔ لیکن ہمیں وہ اعداد چاہیے جو 5 سے تقسیم کرنے پر باقی 3 بچت ہو۔ یہ اعداد 5 کے اضعاف سے 3 زیادہ ہوتے ہیں۔ 5 کے اضعاف کی عمومی شکل 5k ہوتی ہے۔ لہٰذا وہ اعداد جو 5 سے تقسیم کرنے پر باقی 3 چھوڑتے ہیں، ان کی عمومی شکل 5k + 3 ہوتی ہے۔



k =	0	1	2	3	4
$5k + 3$ =	3	8	13	18	23

آیئے ایک اور عبارت 5k – 2 پر غور کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ مختلف k کی قدروں کے لیے یہ کیا اقدار دیتا ہے۔

وہ اعداد جو 5 سے تقسیم کرنے پر باقی 3 بچتے ہیں، انہیں 5 کے اضعاف سے 2 کم کے طور پر بھی دیکھا جا سکتا ہے؛

یعنی 5k – 2، جہاں $k \geq 1$ ہے۔

کیا ایسے اور بھی عبارتیں ہیں جو ایسے اعداد پیدا کرتے ہیں جو 5 کے کسی مضاعف سے 3 زیادہ ہوں؟

k =	1	2	3	4	5
$5k - 2$ =	3	8	13	18	23



حل کیجیے–5.1

1. چار متواتر اعداد کا مجموعہ 34 ہے۔ یہ اعداد کون سے ہیں؟
2. فرض کریں کہ p پانچ متواتر اعداد میں سب سے بڑا عدد ہے۔ باقی چار اعداد کو p کی مدد سے بیان کریں۔
3. نیچے دیے گئے ہر بیان کے لیے معلوم کریں کہ یہ ہمیشہ درست ہے، کبھی کبھی درست ہے یا کبھی بھی درست نہیں ہے۔ اپنے جواب کی وضاحت کریں۔ مناسب مثالیں اور غیر مثالیں دیں۔ اپنے دعوے کو الجبرا کی مدد سے ثابت کریں۔

(i) دو جفت اعداد کا مجموعہ 3 کا اضعاف ہوتا ہے۔

(ii) اگر کوئی عدد 18 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے تو وہ 9 سے بھی قابلِ تقسیم نہیں ہوگا۔

(iii) اگر دو اعداد 6 سے قابلِ تقسیم نہیں ہیں تو ان کا مجموعہ بھی 6 سے قابلِ تقسیم نہیں ہوگا۔

AP SCERT

(iv) The sum of a multiple of 6 and a multiple of 9 is a multiple of 3.

(v) The sum of a multiple of 6 and a multiple of 3 is a multiple of 9.

4. Find a few numbers that leave a remainder of 2 when divided by 3 and a remainder of 2 when divided by 4. Write an algebraic expression to describe all such numbers.

5. "I hold some pebbles, not too many, When I group them in 3's, one stays with me. Try pairing them up - it simply won't do, A stubborn odd pebble remains in my view. Group them by 5, yet one's still around, But grouping by seven, perfection is found. More than one hundred would be far too bold, Can you tell me the number of pebbles I hold?"



6. Tilak has written several numbers that leave a remainder of 2 when divided by 6. He claims, "If you add any three such numbers, the sum will always be a multiple of 6." Is Tilak's claim true?

7. When divided by 7, the number 661 leaves a remainder of 3, and 4779 leaves a remainder of 5. Without calculating, can you say what remainders the following expressions will leave when divided by 7? Show the solution both algebraically and visually.

   (i) 4779 + 661 (ii) 4779 - 661

